دُعَاءُ خَتْمِ الْقُرْاٰن

صَدَقَ اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○ وَصَدَقَ رَسُوْلُهُ النَّبِيُّ الْكَرِيْمُ ○ وَنَحْنُ عَلٰى ذٰلِكَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ○ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا بِكُلِّ حَرْفٍ مِّنَ الْقُرْاٰنِ حَلَاوَةً وَّبِكُلِّ جُزْءٍ مِّنَ الْقُرْاٰنِ جَزَآءً اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا بِالْاَلِفِ اُلْفَةً وَّبِالْبَآءِ بَرَكَةً وَّبِالتَّآءِ تَوْبَةً وَّبِالثَّآءِ ثَوَابًا وَّبِالْجِيْمِ جَمَالًا وَّبِالْحَآءِ حِكْمَةً وَّبِالْخَآءِ خَيْرًا وَّبِالدَّالِ دَلِيْلًا وَّبِالذَّالِ ذَكَآءً وَّبِالرَّآءِ رَحْمَةً وَّبِالزَّآءِ زَكٰوةً وَّبِالسِّيْنِ سَعَادَةً وَّبِالشِّيْنِ شِفَآءً وَّبِالصَّادِ صِدْقًا وَّبِالضَّادِ ضِيَآءً وَّبِالطَّآءِ طَرَاوَةً وَّبِالظَّآءِ ظَفَرًا وَّبِالْعَيْنِ عِلْمًا وَّبِالْغَيْنِ غِنًى وَّبِالْفَآءِ فَلَاحًا وَّبِالْكَافِ كَرَامَةً وَّبِاللَّامِ لُطْفًا وَّبِالْمِيْمِ مَوْعِظَةً وَّبِالنُّوْنِ نُوْرًا وَّبِالْوَاوِ وُصْلَةً وَّبِالْهَآءِ هِدَايَةً وَّبِالْيَآءِ يَقِيْنًا ○ اَللّٰهُمَّ انْفَعْنَا بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ ○ وَارْفَعْنَا بِالْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ○ وَتَقَبَّلْ مِنَّا قِرَآءَتَنَا وَتَجَاوَزْ عَنَّا مَا كَانَ فِيْ تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ مِنْ خَطَاٍ اَوْ نِسْيَانٍ اَوْ تَحْرِيْفِ كَلِمَةٍ عَنْ مَّوَاضِعِهَا اَوْ تَقْدِيْمٍ اَوْ تَاْخِيْرٍ اَوْ نُقْصَانٍ اَوْ تَاْوِيْلٍ عَلٰى غَيْرِ مَا اَنْزَلْتَهٗ عَلَيْهِ اَوْ رَيْبٍ اَوْ شَكٍّ اَوْ سَهْوٍ اَوْ سُوْءِ الْحَانٍ اَوْ تَعْجِيْلٍ عِنْدَ تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ اَوْ كَسَلٍ اَوْ سُرْعَةٍ اَوْ زَيْغِ لِسَانٍ اَوْ وَقْفٍ بِغَيْرِ وُقُوْفٍ اَوْ اِدْغَامٍ بِغَيْرِ مُدْغَمٍ اَوْ اِظْهَارٍ بِغَيْرِ بَيَانٍ اَوْ مَدٍّ اَوْ تَشْدِيْدٍ اَوْ هَمْزَةٍ اَوْ جَزْمٍ اَوْ اِعْرَابٍ بِغَيْرِ مَا كَتَبَهٗ اَوْ قِلَّةِ رَغْبَةٍ وَّرَهْبَةٍ عِنْدَ اٰيٰتِ الرَّحْمَةِ وَاٰيٰتِ الْعَذَابِ فَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا وَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ قُلُوْبَنَا بِالْقُرْاٰنِ وَزَيِّنْ اَخْلَاقَنَا بِالْقُرْاٰنِ وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ بِالْقُرْاٰنِ وَاَدْخِلْنَا فِي الْجَنَّةِ بِالْقُرْاٰنِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ الْقُرْاٰنَ لَنَا فِي الدُّنْيَا قَرِيْنًا وَّفِي الْقَبْرِ مُؤْنِسًا وَّعَلَى الصِّرَاطِ نُوْرًا وَّفِي الْجَنَّةِ رَفِيْقًا وَّمِنَ النَّارِ سِتْرًا وَّحِجَابًا وَّاِلَى الْخَيْرٰتِ كُلِّهَا دَلِيْلًا فَاكْتُبْنَا عَلَى التَّمَامِ وَارْزُقْنَا اَدَآءً بِالْقَلْبِ وَاللِّسَانِ وَحُبَّ الْخَيْرِ وَالسَّعَادَةِ وَالْبِشَارَةِ مِنَ الْاِيْمَانِ ○ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ اَجْمَعِيْنَ ○ اٰمِيْنَ ○ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا اَبَدًا ○

سرٹیفکیٹ ہم نے اس قرآن مجید کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے ہم تصدیق کرتے ہیں کہ اس کے سورت نمبر، آیت نمبر اور متن میں کوئی کمی وبیشی نہیں ہے اور کتابت میں کوئی غلطی نہیں ہے۔ محمد مستمر خان، محمد رمضان رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان، سائیں نور احمد طالب قادری نقشبندی جھگیاں شہاب دین بند روڈ۔ لاہور محمد عالم مختار حق

استدعا انسانی طاقت اور بساط میں جو کچھ ہے اسکے مطابق اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اویس کمپنی نے ہر ممکن کوشش کی ہے کہ نسخہ ہٰذا میں کوئی غلطی نہ رہ جائے پھر بھی انسان خطا کا پتلا ہے اگر دوران طباعت کوئی زیر، زبر، نقطہ، شد یا مد ٹوٹ جائے تو اسے غلطی نہیں کہتے لاکھوں کی تعداد میں چھپنے والی مطبوعات میں باوجود ہر امکانی کوشش کے ایسی خفیف نا دانستہ لغزش قابل گرفت نہیں ہوتی بلکہ قابل معافی ہوتی ہے کوئی مسلمان جان بوجھ کر دیدہ و دانستہ تو قرآن پاک کی طباعت میں ذراسی غفلت بھی نہیں کر سکتا پھر بھی آپ سے استدعا ہے کہ اگر دوران تلاوت اس قسم کی غلطی کا شبہ ہو تو ہمیں مطلع فرما کر مشکور فرمائیں ۔ ادارہ

ضروری گذارش کبھی اتفاق سے جلد بندی میں غلطی ہو جاتی ہے یعنی کچھ صفحے آگے پیچھے لگ جاتے ہیں یا کم وبیش ہو جاتے ہیں یہ کتابت و متن کلام پاک کی غلطی نہیں ہوتی کمپنی ایسی غلطی کو درست کرنے کی ذمے دار ہے۔ خریدار حضرات سے گذارش ہے کہ انہیں اگر ہمارے کسی قرآن پاک میں ایسی غلطی ملے تو وہ ہماری غلطی والا نسخہ دیکر دوسرا صحیح نسخہ وصول کر سکتے ہیں۔ ہماری کمپنی کا مقصد کلام اللہ کو خوبصورت اور ارزاں ہدیہ میں پیش کرنا ہے تاکہ اسکی زیادہ سے زیادہ اشاعت ہو آپ سے گذارش ہے کہ بعد از تلاوت کمپنی کے انجام بخیر کی دعا کریں۔

اویس کمپنی ● ۳- الکریم مارکیٹ ● اردو بازار ● لاہور فون ۳۲۱۹۵۴

رموزِ اوقاف قرآن مجید

ہر ایک زبان کے اہلِ زبان جب گفتگو کرتے ہیں تو کہیں ٹھہر جاتے ہیں کہیں نہیں ٹھہرتے، کہیں کم ٹھہرتے ہیں کہیں زیادہ اور اس ٹھہرنے کو بات کے صحیح بیان کرنے اور اس کا صحیح مطلب سمجھنے میں بہت دخل ہے۔ قرآن مجید کی عبارت بھی گفتگو کے انداز میں واقع ہوئی ہے۔ اس لیے اہلِ علم نے اس کے ٹھہرنے نہ ٹھہرنے کی علامتیں مقرر کر دی ہیں جن کو "رموزِ اوقافِ قرآن مجید" کہتے ہیں۔ ضروری ہے کہ قرآن مجید کی تلاوت کرنے والے ان رموز کو ملحوظ رکھیں اور وہ یہ ہیں:۔

O جہاں بات پوری ہو جاتی ہے وہاں چھوٹا سا دائرہ لکھ دیتے ہیں یہ حقیقت میں گول ت ہے جو بصورت ۃ لکھی جاتی ہے اور یہ وقف تام کی علامت ہے یعنی اس پر ٹھہرنا چاہیئے۔ اب ۃ تو نہیں لکھی جاتی چھوٹا سا حلقہ ڈال دیا جاتا ہے۔ اس علامت کو آیت کہتے ہیں۔

م یہ علامت وقف لازم کی ہے اس پر ضرور ٹھہرنا چاہیئے۔ اگر نہ ٹھہرا جائے تو احتمال ہے کہ مطلب کچھ کا کچھ ہو جائے۔ اس کی مثال اردو میں یوں سمجھنی چاہیئے کہ مثلاً کسی کو یہ کہنا ہو کہ "اُٹھو، مت بیٹھو،" جس میں اٹھنے کا امر اور بیٹھنے کی نہی ہے تو اُٹھو پر ٹھہرنا لازم ہے۔ اگر نہ ٹھہرا جائے تو "اٹھو مت بیٹھو،" ہو جائے گا جس میں اٹھنے کی نہی اور بیٹھنے کے امر کا احتمال ہے اور یہ قائل کے مطلب کے خلاف ہو جائے گا۔

ط وقف مطلق کی علامت ہے اس پر ٹھہرنا چاہیئے مگر یہ علامت وہاں ہوتی ہے جہاں مطلب تمام نہیں ہوتا اور بات کہنے والا ابھی کچھ اور کہنا چاہتا ہے۔

ج وقف جائز کی علامت ہے یہاں ٹھہرنا بہتر اور نہ ٹھہرنا جائز ہے۔

ز علامت وقف مجوّز کی ہے یہاں نہ ٹھہرنا بہتر ہے۔

ص علامت وقف مرخّص کی ہے یہاں ملا کر پڑھنا چاہیئے۔ لیکن اگر کوئی تھک کر ٹھہر جائے تو رخصت ہے معلوم رہے کہ ص پر ملا کر پڑھنا ز کی نسبت زیادہ ترجیح رکھتا ہے

صلے الوصل اولیٰ کا اختصار ہے۔ یہاں ملا کر پڑھنا بہتر ہے۔

ق قیل علیہ الوقف کا خلاصہ ہے۔ یہاں ٹھہرنا نہیں چاہیئے۔

صل قد یوصل کی علامت ہے یعنی یہاں کبھی ٹھہرا بھی جاتا ہے کبھی نہیں لیکن نہ ٹھہرنا بہتر ہے۔

قف یہ لفظ قِف ہے جس کے معنی ہیں ٹھہر جاؤ۔ اور یہ علامت وہاں استعمال کی جاتی ہے جہاں پڑھنے والے کے ملا کر پڑھنے کا احتمال ہو۔

س یا سکتہ سکتہ کی علامت ہے یہاں کسی قدر ٹھہرنا چاہیئے مگر سانس نہ ٹوٹنے پائے۔

وقفة وقفہ لمبے سکتہ کی علامت ہے یہاں سکتہ کی نسبت زیادہ ٹھہرنا چاہیئے۔ لیکن سانس نہ توڑے سکتہ اور وقفہ میں یہ فرق ہے کہ سکتہ میں کم ٹھہرنا ہوتا ہے وقفہ میں زیادہ۔

لا لا کے معنی نہیں کے ہیں۔ یہ علامت کہیں آیت کے اوپر استعمال کی جاتی ہے اور کہیں عبارت کے اندر۔ اگر اندر ہو تو ہرگز نہیں ٹھہرنا چاہیئے۔ آیت کے اوپر ہو تو اختلاف ہے۔ بعض کے نزدیک ٹھہر جانا چاہیئے۔ بعض کے نزدیک نہ ٹھہرا جائے۔ لیکن ٹھہرا جائے یا نہ ٹھہرا جائے اس سے مطلب میں خلل واقع نہیں ہوتا۔ وقف اسی جگہ نہیں ہونا چاہیئے جہاں عبارت کے اندر لکھا ہو۔

ك کذٰلک کی علامت ہے یعنی جو رمز پہلے ہے وہی رمز یہاں سمجھی جائے۔

اویس کمپنی
۱۱۳ اکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شروع اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

دُعاء

اے اللہ! تیری ذاتِ جمیلہ نے حق اور سچ فرمایا اور تیرے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تیرے کلام پاک کو تیرے بندوں تک پہنچا دیا۔ اے اللہ بوسیلہ جلیلہ حضور سرورِ کائنات فخرِ موجودات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے صدقے قرآن کریم کو ہمارا امام، نور، ہدایت اور رحمت بنا دے اور اپنی خاص رحمت اور فضل سے قرآن پاک کا وُہ حصّہ جو ہم بھول گئے ہوں اسکو ہمیں یاد کرا دے اور اس کے جس حصہ سے ہم نا آشنا ہوں تو ہمیں اس کا علم عطاء فرما۔ اور ہمیں شب و روز اس کی تلاوت کرنے اور معانی سمجھنے کی توفیق عطاء فرما۔ اور اس کی ادائیگی ہمارے لیے آسان فرما اور اس کو ہماری آنکھوں کی ٹھنڈک بنا دے اور اس کی تلاوت کے وسیلہ سے ہمیں بلند درجے عطاء فرما۔ اور قبر اور حشر اور پل صراط اور میزان پر ہمارا شفیع اور ساتھی بنا اور اس کے اُن احکامات پر ثابت قدم رکھ جن کے کرنے کا تو نے حکم دیا ہے اور ان احکامات سے بچنے کی توفیق عطاء فرما جن سے تُو نے اور تیرے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے اے اللہ ہمارے دل کو قرآن کے نُورِ ہدایت سے منوّر فرما۔ اور اس کے حقائق و رموز کے علم کو ہم پر منکشف فرما۔ بیشک تُو ہی ہماری دُعاؤں کا سننے والا اور ہر سائل کی حاجت کو پورا کرنے والا ہے اور ہماری پکار ہے کہ تمام تعریفیں تیرے لیے ہیں اور درُودِ پاک بے حد و بے شمار نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ پر ہو۔ اے اللہ ہم سب پر اپنی رحمت نازل فرما بے شک تُو ہی ہدایت فرمانے والا ہے اور سیدھے راستے کی طرف ہدایت دینے والا ہے۔

آمین یا ربّ العالمین

ضروری گذارش : قارئین کرام سے پُرخلوص گذارش ہے کہ تلاوتِ قرآنِ کریم کے بعد جہاں اپنے عزیز و اقارب کے لیے دعا فرمانے کیلئے ہاتھ اٹھائیں وہاں میرا اور میرے والدین اور کمپنی ہذا کے جملہ معاونین کے حق میں بھی دعائے خیر فرما کر عند اللہ ماجور ہوں

مع شکریہ
طالبِ دُعاء
محمد ریاض چودھری

اویس کمپنی • ۳۔ الکریم مارکیٹ • اردو بازار • لاہور ۲

عرضِ ناشر

اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌۙ فِیْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍۙ

یہ بڑے مرتبے کا قرآن ہے جو کتاب (لوحِ محفوظ) میں محفوظ ہے

قارئینِ کرام اس وقت ہم آپ کی خدمت میں ایک ایسی تفسیر لے کر حاضر ہوئے ہیں جس کی تیاری پر زرِ کثیر خرچ کیا گیا ہے۔ اس کی نقل وصحت کا اس قدر اہتمام کیا گیا ہے کہ برِعظیم پاک وہند میں اس سے قبل کبھی نہیں کیا گیا ہوگا۔ اس کی کتابت کے لئے پاکستان کے بہترین خوشنویسوں کی خدمات حاصل کی گئیں۔ ملک کے جیّد مایۂ ناز حفاظ وقراء سے اس کی تصحیح کرائی گئی۔ ان حضرات نے رات دن کی سخت محنت ومشقت کے بعد طباعت کے لئے پیش کیا۔

اس تفسیر میں ترجمہ اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے اور تفسیر حضرت کے خلیفۂ مجاز مولانا محمد نعیم الدین مرادآبادی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ہے۔ برِعظیم پاک وہند میں تلاوت کے لئے سب سے زیادہ پسند کی جانے والی تفسیر یہی ہے۔ اعلیٰ حضرتؒ فاضل بریلوی کی ذاتِ والاصفات محتاجِ تعارف نہیں۔ فاضل بریلوی کا شمار عالمِ اسلام کے ممتاز ترین علماء میں ہوتا ہے۔ جس طرح فاضل بریلوی علماء میں امتیازی شان کے حامل ہیں اسی طرح ان کا ترجمہ بھی امتیازی شان کا علمبردار ہے۔ یہ ترجمہ اس قدر صحیح اور اصل کے مطابق ہے کہ اعلیٰ حضرت کی علمیّت اور اردو دانی پر حیرت ہوتی ہے۔ ترجمہ میں اس قدر ادب اور انبیاءؑ کی عصمت کا پاس ولحاظ کیا ہے کہ آج تک کسی مترجم اور مفسّر نے نہیں کیا۔ یہ بات غلط نہیں بلکہ جب بھی آپ فرمائیں ہم ثبوت پیش کریں گے۔ اور کچھ نمونہ اس کا ہم نے اس قرآن پاک کے شروع میں ہدیۂ ناظرین کیا ہے۔

علماء، وراق، حفاظ، قراء اور مصححین کی نہایت احتیاط کے باوجود انسان نسیان سے خالی نہیں۔ اس میں شاید کوئی غلطی رہ گئی ہو تو اس کی نشاندہی فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔ آخر میں نہایت عاجزانہ درخواست ہے کہ تلاوت کے بعد اپنی دُعا میں مجھ ناچیز کو بھی شامل فرماویں۔ اَللّٰهُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِیْ فِیْ قَبْرِیْ۔ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِیْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ۔

احقر العباد

ناشر

سوانح اعلیحضرت احمد رضا خاں قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

تعارف احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ نسباً پٹھان مسلکاً حنفی مشرباً قادری اور مولداً بریلوی تھے۔ آپ کے والد ماجد مولانا نقی علی خاں رحمۃ اللہ علیہ م ۱۲۹۷ھ/۱۸۸۰ء اور جدامجد مولانا رضا علی خاں رحمۃ اللہ علیہ م ۱۲۸۲ھ/۱۸۶۶ء بلند پایہ عالم اور صاحبِ حال بزرگ تھے۔ اعلیٰ حضرت نے اپنے نعتیہ دیوان میں ان دونوں بزرگوں کا تذکرہ اس طرح فرمایا ہے۔ احمد ہندی رضا ابن نقی ابن رضا۔

ولادت آپ کی ولادتِ باسعادت ۱۰ شوال المکرم ۱۲۷۲ھ/۱۴ جون ۱۸۵۶ء کو بمقام بریلی (یو۔پی) میں ہوئی۔ اعلیحضرت نے اپنا سنہ ولادت اس آیت سے نکالا ہے۔ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْاِیْمَانَ وَاَیَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ۔ پ۲۸ ع۲

ترجمہ: وہ لوگ جن کے دلوں میں اللہ تعالیٰ نے ایمان نقش کر دیا ہے اور اپنی طرف سے روح کے ذریعے ان کی مدد فرمائی۔

نام فاضل بریلوی کا نام "محمّد" رکھا گیا اور تاریخی نام "المختار" ۱۲۷۲ھ (۱۸۵۶ء) لیکن جدامجد مولانا رضا علی خاں رحمۃ اللہ علیہ نے "احمد رضا" تجویز فرمایا۔ بعد میں فاضل بریلوی نے خود اسی اسم شریف کے ساتھ عبدالمصطفیٰ کا اضافہ فرمایا۔ چنانچہ اپنے نعتیہ

دیوان میں ایک جگہ فرماتے ہیں۔

؎ خوف نہ رکھ رضاؔ ذرا تُو تو ہے عبدِ مصطفیٰ
تیرے لئے امان ہے تیرے لئے امان ہے

تعلیم و ذہانت

اپنی فطری ذکاوت کی بنا پر ۱۳ سال، ۱۰ مہینے اور ۵ دن میں علوم درسیہ سے فراغت حاصل کی علوم عربیہ سے فراغت کے بعد ہی آپ کے والد ماجد مولانا نقی علی خاں علیہ الرحمۃ نے افتاء کی ذمّہ داریاں بھی آپ کو تفویض کر دیں۔ آپ نے اس صغر سنی میں اپنے علم و فضل کے سبب فتویٰ نویسی کا آغاز فرمایا۔

مولانا ظفر الدین بہاری کے نام ایک مکتوب میں تحریر فرماتے ہیں:

"بحمدہٖ تعالیٰ فقیر نے ۱۴ شعبان ۱۲۸۶ھ کو ۱۳ سال کی عمر میں پہلا فتویٰ لکھا اور اگر زندگی بالخیر رہی تو دس شعبان ۱۳۳۶ھ/۱۹۱۷ء کو اس فقیر کو فتاویٰ لکھتے ہوئے بفضلہٖ تعالیٰ پورے پچاس سال ہو جائیں گے۔ اس نعمت کا شکر فقیر کیا ادا کر سکتا ہے۔"

اعلیحضرت علمی انسائیکلوپیڈیا تھے

اعلیٰ حضرتؒ نے علوم درسیہ کے علاوہ دیگر علوم و فنون کی بھی تحصیل کی اور بعض علوم و فنون میں تو خود آپ کی طبع سلیم نے رہنمائی کی۔ ایسے تمام علوم و فنون کی تعداد ۵۴ ہے جس کی تفصیل یہاں درج کی جاتی ہے۔

(۱) علم قرآن (۲) علم حدیث (۳) اصول حدیث (۴) فقہ (جملہ مذاہب) (۵) اصول فقہ (۶) جدل (۷) تفسیر (۸) عقائد (۹) کلام (۱۰) نحو (۱۱) صرف (۱۲) معانی (۱۳) بیان (۱۴) بدیع (۱۵) منطق (۱۶) مناظرہ (۱۷) فلسفہ (۱۸) تکسیر (۱۹) ہیئت (۲۰) حساب (۲۱) ہندسہ (۲۲) قرأۃ (۲۳) تجوید (۲۴) تصوّف (۲۵) سلوک (۲۶) اخلاق (۲۷) اسماء الرجال (۲۸) سیر (۲۹) تاریخ (۳۰) نعت (۳۱) ادب (۳۲) ارثماطیقی (۳۳) جبر و مقابلہ (۳۴) حساب سلینی (۳۵) لوگارثمات (۳۶) توقیت (۳۷) مناظرہ و مرایا (۳۸) زیجات (۳۹) مثلث کروی (۴۰) مثلث مسطح (۴۱) ہیئت جدیدہ (۴۲) مربعات (۴۳) جفر (۴۴) زائرجہ (۴۵) اکر۔

ان علوم کے علاوہ علم الفرائض، عروض و قوافی، نجوم اوفاق، فن تاریخ (اعداد) نظم و نثر فارسی، نثر و نظم ہندی، خط نسخ اور خط نستعلیق وغیرہ میں بھی کمال حاصل کیا۔ اس طرح فاضل بریلوی نے جن علوم و فنون پر دسترس حاصل کی ان کی تعداد ۵۴ سے متجاوز ہے

ہمارے خیال میں عالم اسلام میں مشکل ہی سے کوئی ایسا عالم نظر آئے گا جو اس قدر علوم و فنون پر دسترس رکھتا ہو۔ پھر یہی نہیں کہ اعلیٰ حضرت نے علوم کی تحصیل کی بلکہ ہر ایک علم و فن میں اپنی کوئی نہ کوئی یادگار چھوڑی ہے۔ جن علوم و فنون کا ذکر کیا گیا ہے ان میں سے بعض کو فاضل بریلوی نے خود ترک فرما دیا اور بعض کو اپنایا اس ترک و قبول پر موصوف علیہ الرحمۃ نے اس طرح روشنی ڈالی ہے۔

"میں نے اس وقت سے فلسفہ اولیٰ کو ترک کیا۔ میں نے محسوس کیا کہ اس میں سوائے ملمع کاری کے کچھ نہیں۔ اس کی ظلمت اور زنگ ایسا چھا جاتا ہے کہ دین سلب کر لیتا ہے اور اس ظلمت کی وجہ سے قیامت کا خوف ہلکا ہو جاتا ہے اس اس لئے میں نے اپنی ذمّہ داریوں پر غور کیا۔ اور ہیئت، ہندسہ نجوم، لوگارثمات اور فنون ریاضی سے میرا شغف اس لئے نہیں کہ اس میں مجھے مزید مشق حاصل ہو بلکہ یہ توجہ تو محض تفریح طبع کے لئے ہے۔ اس کے علاوہ اس سے وقت کے تعین اور تعدیل میں مدد ملتی ہے۔ جس سے مسلمانوں کو نماز روزے کے اوقات کے جانچ کے لئے فائدہ مجھے تین کاموں سے دلچسپی ہے اور ان کی لگن مجھے عطا کی گئی ہے۔ جن کی تفصیل یہ ہے۔

دلچسپ مشاغل

(۱) سید المرسلین صلوٰۃ اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ وعلیہم اجمعین کی حمایت کرنا کیونکہ ہر ذلیل وہابی آپ کی شان میں توہین آمیز کلام سے زبان درازی کر رہا ہے۔ میرے لئے یہی کافی ہے کہ میرا رب اسے قبول فرمائے گا اور رب کی رحمت کے بارے میں میرا یہی ظن ہے جیسا کہ اس نے خود فرمایا ہے۔ میں اپنے بندے سے اس کے حسنِ ظن کے مطابق معاملہ فرماتا ہوں۔

(۲) اس کے علاوہ دیگر بدعتیوں کی بیخ کنی جو دین کے دعویدار ہیں حالانکہ وہ مفسد محض ہیں (۳) حسب استطاعت اور واضح مذہب حنفی کے مطابق فتویٰ نویسی۔

تصوّف و سلوک کی ابتدا

فاضل بریلوی ۱۲۹۴ھ/۱۸۷۷ء میں اپنے والد ماجد مولانا محمد نقی رحمۃ اللہ علیہ کے ہمراہ حضرت شاہ آلِ رسول رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۲۹۶ھ/۱۸۷۸ء) کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سلسلہ قادریہ میں بیعت سے مشرف ہو کر اجازت و خلافت سے بھی نوازے گئے۔ فاضل بریلویؒ نے اپنے دیوان میں اپنے مرشد طریقت کی شان میں ایک منقبت لکھی ہے جس کا مطلع ہے۔

ے خوشا دلے کہ دہندش ولائے آلِ رسول
خوشا سرے کہ کنندش فدائے آلِ رسول

فاضل بریلوی کو جن سلاسل وطریقت میں اجازت وخلافت حاصل تھی۔ اس کی تفصیل خود موصوف نے اس طرح لکھی:

۱۔قادریہ برکاتیہ جدیدہ ۔ ۲ ۔ قادریہ آبائیہ قدیمہ ۔ ۳ ۔ قادریہ اہدلیہ ۴ قادریہ رزاقیہ ۔ ۵ ۔قادریہ منوریہ ۔ ۶ ۔ چشتیہ نظامیہ قدیمہ ۔ ۷ چشتیہ محبوبیہ جدیدہ ۔ ۸ ۔ سہروردیہ واحدیہ ۹ ۔ سہروردیہ فضلیہ ۔ ۱۰ نقشبندیہ علائیہ صدیقیہ ۔ ۱۱ ۔ نقشبندیہ علائیہ علویہ ۔ ۱۲ ۔ بدیعیہ ۱۳ ۔ علویہ منامیہ وغیرہ وغیرہ۔

مندرجہ بالا سلاسل میں اجازت کے علاوہ فاضل بریلوی کو مصافحات اربعہ کی سندات بھی ملیں جس کی تفصیل اعلیحضرت نے اس طرح بیان فرمائی۔

(۱) مصافحۃ الحسنیہ (۲) مصافحۃ الخضریہ (۳) مصافحۃ المعمّریہ (۴) مصافحۃ المنامیہ۔

ان (مصافحات) و اجازت کے علاوہ مختلف اذکار، اشغال و اعمال وغیرہ کی بھی آپ کو اجازت حاصل تھی مثلاً خواص القرآن اسماء الٰہیہ، دلائل الخیرات حصن حصین، حزب البحر، حزب البر، حزب النصر، حرز الامیرین، حرز الیمانی دعاء مغنی، دعا حیدری، دعا عزرائیلی دعاء سریانی، قصیدہ غوثیہ، قصیدہ بردہ وغیرہ وغیرہ۔

حج بیت اللہ

۱۳۲۳ھ / ۱۹۰۵ء میں فاضل بریلوی دوسری بار حج بیت اللہ اور زیارت حرمین شریفین کے لئے تشریف لے گئے۔ اس موقع پر ایک نظم کہی تھی جو ان کے نعتیہ دیوان میں شامل ہے۔ جس کا مطلع یہ ہے

ے شکر خدا کہ آج گھڑی اس سفر کی ہے
جس پر نثار جان فلاح وظفر کی ہے

اس سفر میں علمائے حجاز نے آپ کی بڑی قدر ومنزلت کی جس کا بخوبی اندازہ حسام الحرمین ۱۳۲۴ھ / ۱۹۰۶ء الدولۃ المکیہ ۱۳۲۳ھ / ۱۹۰۶ء اور کفل الفقیہ ۱۳۲۴ھ / ۱۹۰۶ء" وغیرہ کے مطالعہ سے ہوتا ہے۔ مکہ معظمہ میں اعلیٰ حضرت کی جس قدر عزت افزائی کی گئی اس کا آنکھوں دیکھا حال شیخ اسماعیل علیہ الرحمۃ نے تحریر فرمایا ہے۔ لکھتے ہیں۔

اہل مکہ جوق در جوق آپ کے ارد گرد جمع ہوگئے۔ بہت سے حضرات نے آپ سے التجاء کی کہ ان کو سند اجازت مرحمت فرمائی جائے۔ چنانچہ ان کے اصرار کی وجہ سے ایسا ہی کیا گیا۔ مولانا حامد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ اس سفر میں فاضل بریلویؒ کے ہمراہ تھے انہوں نے الاجازات المتینہ کے مقدمے میں لکھا ہے کہ اجازت طلبی کے لئے سب سے پہلے مولانا سیّد عبدالحی مکی (م ۱۳۳۲ھ/۱۹۱۲ء) تشریف لائے ان کے ہمراہ ایک جوان صالح شیخ حسین جمال بن عبدالرحیم تھے دونوں حضرات کو سند اجازت مرحمت فرمائی۔ ان کے بعد مولانا شیخ صالح کمال (م ۱۳۲۵ھ / ۱۹۰۷ء) اور بعض دوسرے اہل علم آئے اور اجازت سے مشرف ہوئے۔ پھر مولانا سیّد اسماعیل خلیل تشریف لائے۔ چنانچہ موصوف کو اور ان کے بھائی سیّد مصطفیٰ خلیل کو اجازت مرحمت فرمائی۔ ان کے بعد شیخ احمد خضراوی تشریف لائے۔ پھر اور لوگ بھی آنے لگے۔ سب کو اجازت سے مشرف فرمایا۔ بعض حضرات رہ گئے تو ان سے وعدہ فرمایا کہ وطن عزیز واپسی کے بعد سندات ارسال کر دی جائیں گی۔ قیام مکہ ہی کے زمانے میں شیخ عبدالقادر کردی اور ان کے صاحبزادے شیخ فرید اور سیّد محمد عمر وغیرہم کو بھی اجازت سے مشرف فرمایا۔ اس کے بعد فاضل بریلوی دیار حبیب صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لے گئے۔ یہاں جس اکرام واعزاز سے نوازے گئے اس کا چشم دید حال مولانا عبدالکریم مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کی زبانی سنیئے۔ وہ ذاتی تاثرات کا اظہار فرماتے ہوئے لکھتے ہیں:

"میں کئی سال سے مدینہ میں مقیم ہوں۔ ہندوستان سے ہزاروں صاحب علم آتے ہیں۔ ان میں علماء صلحاء اتقیاء سب ہی ہوتے ہیں میں نے دیکھا کہ وہ شہر کے گلی کوچوں میں مارے مارے پھرتے ہیں اور کوئی بھی ان کو مڑ کر نہیں دیکھتا۔ لیکن فاضل بریلوی کی شان عجیب ہے۔ یہاں کے علما اور بزرگ سب ہی ان کی طرف جوق در جوق چلے آرہے ہیں اور ان کی تعظیم میں بصد تعجیل کوشاں ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا فضل خاص ہے جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے"۔

مدینہ طیبہ میں بھی فاضل بریلوی سے بہت علماء نے اجازت حاصل کی بہت سوں کو زبانی اجازت مرحمت فرمائی اور بعض سے وعدہ کیا کہ وطن عزیز واپسی کے بعد سندات ارسال کر دی جائینگی مثلاً شیخ عمر بن حمدان المحرسی، سیّد مامون البری شیخ الدلائل شیخ محمد سعید وغیرہم۔

وفات حسرت آیات

فاضل بریلوی نے ۲۵ صفر المظفر ۱۳۴۰ھ یوم جمعۃ المبارک دوپہر دو بج کر ۳۸ منٹ پر بریلی میں وصال فرمایا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ مولانا حسنین رضا خاں جنہوں نے اس

الوداعی سفر کا روح پرور نظارہ اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا۔ لکھتے ہیں کہ فاضل بریلوی نے وصیت نامہ تحریر کرایا۔ پھر اس پر خود عمل کرایا۔ وصال شریف کے تمام کام گھڑی دیکھ کر ٹھیک وقت پر ارشاد ہوتے رہے۔ جب دو بجنے میں ۴ منٹ باقی تھے وقت پوچھا، عرض کیا گیا "اس وقت ایک بج کر ۵۶ منٹ ہو رہے ہیں"۔ فرمایا گھڑی رکھ دو۔ یکایک ارشاد فرمایا "تصاویر ہٹا دو" حاضرین سوچ میں پڑ گئے کہ یہاں تصاویر کا کیا کام یہ خطرہ گزرنا تھا کہ خود ارشاد فرمایا یہی کارڈ، لفافہ، روپیہ، پیسہ پھر ذرا وقفے سے برادر معظم حضرت مولانا مولوی محمد رضا خاں صاحب سے ارشاد فرمایا وضو کر آؤ قرآن لاؤ"، ابھی وہ تشریف نہ لائے تھے کہ برادرم مولانا مصطفےٰ رضا خاں سے پھر ارشاد فرمایا" اب بیٹھے کیا کر رہے ہو سورہ یٰسٓ شریف اور سورۂ رعد شریف تلاوت کرو۔

عمر شریف کے اب صرف چند منٹ ہی باقی رہ گئے۔ حسب الحکم دونوں سورتیں تلاوت کی گئیں۔ ایسے حضور قلب اور تیقن سے سنیں کہ جس آیت میں اشتباہ ہوا یا سننے میں نہ آئی تو خود تلاوت فرماکر بتلادی۔ (سبحان اللہ)۔

سفر کی وہ دعائیں جن کا چلتے وقت پڑھنا مسنون ہے۔ تمام و کمال بلکہ معمول شریف سے زیادہ پڑھیں۔ پھر کلمہ طیبہ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پورا پڑھا۔ جب طاقت نہ رہی اور سینے میں دم آن پہنچا، ادھر ہونٹوں کی حرکت اور ذکر پاس انفاس کا ختم ہونا تھا کہ چہرہ مبارک پر ایک لمعہ نور کا چمکا جس میں ایسی جنبش تھی جس طرح آئینے میں لمعان خورشید جنبش کرتا ہے اس کے غائب ہوتے ہی وہ جان نور جسم اطہر سے پرواز کر گئی۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ خود اسی زمانے میں آپ نے ارشاد فرمایا تھا "جنہیں ایک جھلک دکھا دیتے ہیں وہ شوق دیدار میں ایسے جاتے ہیں کہ جانا معلوم بھی نہیں ہوتا

مولانا عبد العزیز محدث مراد آبادی (استاذ دار العلوم اشرفیہ اعظم گڑھ) درگاہ اجمیر شریف کے سجادہ نشین دیوان سید آل رسول صاحب کے عم محترم رحمۃ اللہ علیہ (جو ایک بلند پایہ بزرگ تھے) کی زبانی ایک واقعہ نقل فرماتے ہیں جس سے فاضل بریلوی کی ساعت وصال کی حقیقت و عظمت کا حال معلوم ہوتا ہے۔ راوی نہایت معتبر ہے اور بات خواب کی ہے۔ جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے بصیرت قلبی سے نوازا ہے وہ اس واقعہ سے ضرور روشنی حاصل کریں گے۔ فاضل موصوف فرماتے ہیں۔

ایک عجیب واقعہ

بارہ ربیع الثانی ۱۳۴۰ھ میں ایک شامی بزرگ دہلی تشریف لائے ان کی آمد کی خبر پاکر ان سے ملاقات کی بڑی شان و شوکت کے بزرگ تھے طبیعت میں استغناء بہت زیادہ تھا۔ مسلمان جس طرح عربوں کی خدمت کیا کرتے تھے۔ ان کی بھی خدمت کرنا چاہتے تھے۔ نذرانہ پیش کرتے تھے مگر وہ قبول نہ کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ بفضلہٖ تعالیٰ میں فارغ البال ہوں۔ مجھے ضرورت نہیں انکے اس استغناء اور طویل سفر سے سخت تعجب ہوا۔ عرض کیا "یہاں تشریف لانے کا سبب کیا ہے فرمایا مقصد تو بڑا زریں تھا لیکن حاصل نہ ہوا جس کا افسوس ہے۔

واقعہ یہ ہے کہ ۲۵ صفر المظفر ۱۳۴۰ھ کو میری قسمت بیدار ہوئی۔ خواب میں نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی زیارت نصیب ہوئی دیکھا کہ حضورؐ تشریف فرما ہیں صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین حاضر دربار ہیں لیکن مجلس پر سکوت طاری ہے۔ قرینے سے معلوم ہوتا تھا کہ کسی کا انتظار ہے میں نے بارگاہ رسالت میں عرض کیا "فداک ابی وامی" کس کا انتظار ہے ارشاد فرمایا احمد رضا کا انتظار ہے" میں نے عرض کیا احمد رضا کون ہیں فرمایا" ہندوستان میں بریلی کے باشندے ہیں" بیداری کے بعد میں نے تحقیق کی معلوم ہوا مولانا احمد رضا خاں صاحب بڑے ہی جلیل القدر عالم ہیں اور بقید حیات ہیں مجھے مولانا کی ملاقات کا شوق ہوا میں ہندوستان آیا۔ بریلی پہنچا معلوم ہوا کہ ان کا انتقال ہو گیا اور وہی ۲۵ صفر ان کی تاریخ وصال تھی میں نے یہ طویل سفر ان کی ملاقات کے لئے ہی کیا لیکن افسوس کہ ملاقات نہ ہوسکی ؎

از دوست چہ گویم بچہ عنوان رفتم ہمہ شوق آمدہ بودم ہمہ حرماں رفتم

مزار مبارک

شہر بریلی محلہ سوداگراں میں دار العلوم منظر الاسلام کے شمالی جانب ایک پرشکوہ عمارت میں آپ کا مزار مبارک ہے۔ آپ کا عرس ہر سال ۲۴، ۲۵ صفر کو ہوا کرتا ہے اور اکناف ہند کے علماء و مشائخ اس میں شریک ہوتے ہیں۔

آثار و باقیات

فاضل بریلوی کی باقیات صالحات میں ان کی لاتعداد تصانیف قابل ذکر ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق یہ تصانیف و تعلیقات پچاس مختلف علوم و فنون پر ایک ہزار کے قریب ہیں۔ مولانا رحمٰن علی نے اپنی تالیف تذکرۂ علمائے ہند میں جو ۱۳۰۵ھ ۱۸۸۷ء میں لکھنی شروع کی، فاضل بریلوی کی پچاس تصانیف کا ذکر فرمایا ہے اور اس کے بعد لکھا ہے۔

اس وقت فاضل بریلوی کی عمر شریف تقریباً ۳۱ سال ہوگی۔ اور چودہ برس کی عمر میں فتویٰ نویسی کا آغاز فرماکر علمی دنیا میں قدم رکھا اس طرح یہ ۷۵ تصانیف تقریباً ۱۸ سال کی کاوش کا نتیجہ ہیں۔ اس

کے بعد ۵۳ سال حیات رہے جب ابتداء کا یہ عالم تو انتہا کیسی شاندار ہوگی ۱۳۲۳ھ میں جب کہ آپ دوسری بار زیارت حرمین شریفین اور حج کے لئے تشریف لے گئے ہیں اپنی تصنیفات کی تعداد ڈیڑھ سو تحریر فرمائی ہے۔ اس وقت آپ کی عمر تقریباً ۵۱ سال ہوگی۔ اس قدر تصانیف کے علاوہ فاضل بریلوی نے مختلف علوم وفنون کی تقریباً اسی ۸۰ کتابوں پر تعلیقات وحواشی تحریر فرمائے ہیں۔ اس سارے علمی سرمایہ کے علاوہ آپ کا فقہی شاہکار "فتاوٰی رضویہ" ہے جس کا پورا نام "العطایا النبویہ فی الفتاوٰی الرضویہ" ہے ۱۳۲۴ھ تک فاضل بریلوی نے اس کی سات مجلدات کا ذکر فرمایا ہے جو بعد میں بارہ مجلدات تک پہنچ گئیں اور جن میں پانچ شائع بھی ہوگئیں۔ ہر ایک جلد جہازی سائز کے ہزار صفحات سے زیادہ پر مشتمل ہے "تاریخ الفتاوٰی میں یہ مجموعہ امتیازی حیثیت رکھتا ہے۔

دوسرا علمی شاہکار قرآن کریم کا اردو ترجمہ ہے جو "کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن" کے نام سے ۱۳۳۰ھ میں منصۂ شہود پر آیا۔ فاضل بریلوی کے خلیفہ اور جلیل القدر عالم مولانا نعیم الدین مرادآبادی نے "خزائن العرفان" کے نام سے اس پر تفسیری حواشی تحریر فرمائے جو اس وقت بڑے شکر کے ساتھ آپ کی خدمت میں پیش ہے۔

یوں تو دنیا میں بے شمار ترجمے ہیں لیکن فاضل بریلوی کے ترجمے کی شان یہ ہے کہ اس میں عشق ہے، مستی ہے، درد ہے، تڑپ ہے ادب ہے سچ تو یہ ہے کہ اپنی مثال آپ ہے۔

سوانح حیات

صدر الافاضل مولینا سید نعیم الدین رحمۃ اللہ علیہ مرادآبادی

مرادآباد کی سرزمین کو اللہ تعالیٰ نے بہت کچھ عزت بخشی کہ یہاں کی خاک سے متعدد جیّد علماء پیدا ہوئے جنہوں نے دو لحاظ سے دین مبین کی خدمت انجام دی۔ ایک تو ہندوستان میں رسول اللہ ﷺ کی سنّت زندہ کی اور دوسرے غفلت میں پڑے ہوئے مسلمانوں کے دلوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سچا عشق پیدا کیا اور اس تن مردہ میں حبّ رسولؐ کی تازہ روح پھونک دی جس سے برصغیر میں چاروں طرف صلوٰۃ وسلام کی صدائیں گونجنے لگیں۔ وہ لوگ جو دنیائے دنی کی محبت میں خدا اور رسول کی محبّت سے غافل ہوگئے تھے ایک بار پھر دنیا سے متنفر ہوکر اللہ اور اس کے رسول کی محبت کے گیت گانے لگے۔

ان علمائے کرام میں سے صدر الافاضلؒ وہ قابل فخر شخصیّت ہیں کہ جنہوں نے اپنی زندگی دینِ اسلام کے لئے وقف کر دی تھی۔ آخر دم تک احیائے سنّت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں مصروف رہے۔

نام ونسب

نام محمد نعیم الدین، تاریخی نام غلام مصطفےٰ نعیم تخلص اور لقب صدر الافاضل ہے۔

نسب نامہ یہ ہے۔ محمد نعیم الدین ابن محمد معین الدین ابن امین الدین ابن کریم الدین رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔ آپ مفسّر محدّث مناظر اور جیّد مفتی تھے۔

ولادت

آپ ۲۱ صفر ۱۳۰۰ھ مطابق یکم جنوری ۱۸۸۲ء کو بروز پیر پیدا ہوئے یعنی پیدائش ہی سے آپ کو سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل پیرا ہونے کی سعادت نصیب ہوئی۔ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک خصوصی فضل تھا۔ آپ کا سارا خاندان علم وفضل میں یکتائے روزگار اور شعر وسخن کی دنیا میں مشہور ومعروف تھا۔

تعلیم وتربیّت

علمائے ہند کے خاندان کا یہ قدیم سے دستور چلا آتا تھا کہ بچے کو سب سے پہلے قرآن کریم حفظ کراتے تھے چنانچہ آپ کو بھی مکتب میں قرآن کریم حفظ کرنے بٹھا دیا گیا اور یہ ہونہار طالب علم جو آگے چل کر ایک عظیم عالم دین کی حیثیت سے برصغیر میں ایک روشن ستارے کی طرح چمکنے والا تھا۔ آٹھ سال کی عمر میں حفظ قرآن کی سعادت سے بہرہ مند ہوگیا۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد ماجد سے حاصل کی، بعد میں مولانا شاہ فضل احمدؒ کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا اور درسی کتب میں ملا حسن تک کی تعلیم انہیں سے حاصل کی درس نظامی کی تکمیل مدرسہ امدادیہ مرادآباد سے کی جس کے مہتمم حضرت مولانا گل محمد نور اللہ مرقدہ تھے۔ فراغت کے بعد تقریباً ایک سال تک فتوٰی نویسی فرماتے رہے۔ اپنی اعلیٰ علمی استعداد اور قابلیّت کی بنا پر مدرسہ امدادیہ میں دستار فضیلت حاصل کی جس پر ان کے والد کی خوشی کا ٹھکانہ نہ رہا۔ اسی خوشی میں انہوں نے ان کی دستار فضیلت کی تاریخ کہی۔

بیعت

علمائے مرادآباد کو سلسلہ قادریہ سے ایک گونہ لگاؤ (اعلیٰحضرت بریلوی،

اور دلچسپی ہے اسی لئے یہاں کے اکثر علماء سلسلۂ قادریہ سے منسلک ہیں چنانچہ آپ نے بھی علم ظاہر کے ساتھ ساتھ علم باطن کی طلب محسوس کی اور حضرت مولانا گل محمد سے سلسلہ قادریہ میں بیعت ہوئے۔

اعلیحضرت بریلوی کی خدمت میں

اعلیحضرت السیّد احمد رضا خان بریلوی کی خدمت میں شرفِ باریابی کا واقعہ بھی عجیب ہے۔ آپ کے ترجمہ نگاروں نے لکھا ہے کہ ایک بار جودھ پور کے ایک شخص ادریس نامی نے نظام الملک اخبار میں اعلیحضرت قدس سرّہٗ کی مخالفت میں ایک مضمون لکھا جسمیں نہایت بیہودہ کلام اور فحش گوئی سے کام لیا گیا تھا حضرت صدر الافاضل کو یہ مضمون دیکھ کر بحید رنج پہنچا اسی وقت اس خرافات کا نہایت مدلل اور پرمغز جواب تحریر فرماکر اسی اخبار میں شائع کرایا۔ اعلیحضرت السیّد بریلوی کو جب معلوم ہوا تو حاجی محمد اشرف شاذلی کو لکھا کہ مولانا سیّد محمد نعیم الدین کو لے کر بریلی آئیں۔ اس ملاقات سے آپ پر اعلیحضرت کے علمی اور عملی نور کا ایسا پرتو پڑا کہ ہمیشہ ملاقات کو جاتے رہے اور اس علم کے دریا سے سیراب ہوتے رہے۔

فنِ مناظرہ

حضرت صدر الافاضل کو مناظرہ میں ایسا کمال حاصل تھا کہ جب بھی کسی سے مناظرہ ہوا اللہ نے آپ کو اپنے فضل و کرم سے دشمن پر غالب ہی کیا۔ کوئی عیسائی آریہ رافضی خارجی اور قادیانی آپ کے سامنے دس منٹ بھی نہ ٹھہر سکتا بلکہ شکست کھاکر ذلت سے رخصت ہوجاتا یا مناظرہ کے مقام تک پہنچتا ہی نہیں تھا۔ اعلیحضرت بریلوی نے گویا ایک طرح سے آپ کو مناظروں کا انچارج بنایا تھا کہ جہاں کہیں ہندو، عیسائی سر اٹھاتے تو آپ فوراً صدر الافاضل کو ان کی سرکوبی کے لئے روانہ فرما دیتے۔

درس تدریس

آپ کا دلچسپ ترین مشغلہ درس حدیث تھا۔ فنِ حدیث میں وہ لوگ باکمال کہلائے جن کا قوت حافظہ بہت زیادہ ہو۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس نعمت عظیم سے نوازا تھا کہ آپ بلا کے قوی الحافظہ تھے اور حدیث کا درس دیتے وقت فنِ اصول حدیث میں اعلیٰ طرز پر تقریر فرماتے۔

جامعہ نعیمیہ مُرادآباد

۱۳۲۸ھ میں آپ نے مرادآباد میں ایک علمی درسگاہ مدرسہ انجمن اہلسنت وجماعت کی بنیاد رکھی۔ بعد میں اسی عظیم الشان دینی درسگاہ کا نام جامعہ نعیمیہ رکھا گیا جہاں آج بھی ہزاروں تشنگان علم سیراب ہو رہے ہیں۔

شعر و شاعری

حضرت صدر الافاضل نے نثر کیساتھ ساتھ شعر و سخن کا بھی بڑا عمدہ ذوق پایا تھا خاندان کے اکثر بزرگ بڑے اچھے شاعر تھے۔ زبان گھر کی کنیز تھی لیکن آپکی شاعری اردو کی روایتی شاعری کیطرح نہ تھی بلکہ نہایت شستہ مہذب انداز اکی شاعری فرماتے اکثر اشعار نصیحت و موعظت پر محتوی ہوتے حب رسُول اللہ دل میں شوق کی چنگاری بھڑک اٹھتی تو بے اختیار نعت رسُولؐ کہہ ڈالتے چنانچہ آپکی شاعری کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے شاعری کا ایک حصّہ پند و موعظت اور دوسرا حصہ نعت رسُولؐ پر مبنی ہے۔ یہاں بطور نمونہ دونوں قسم کی شاعری کا نمونہ پیش کیا جاتا ہے (پند و موعظت

؎ خودی سے گذر چل خدا کیطرف	کہ عمر گرامی بسر ہوگئی۔
(نعت) یہ نعیم زار کیسا ہجر میں بیتاب ہے	دیکھئے اسکی طرف اے شاہ شاہاں دیکھئے

وفات حسرت آیات

حضرت مولانا نعیم الدین مرادآبادی کا انتقالِ پرملال ۱۸ ذی الحجہ ۱۳۶۷ھ مطابق ۲۳ اکتوبر ۱۹۴۸ء کو رات کے ۱۲ بجے ہوا انا للہ وانا الیہ راجعون جامعہ نعیمیہ مرادآباد کی مسجد کے بائیں گوشے میں دفن کئے گئے۔

تاریخ وفات پروفیسر حامد حسن قادری نے درج ذیل تاریخ وفات لکھی۔

سب بے سر و پا ہو گئے ایسا تھا مولانا کا غم	اے قادری خستہ جگر تاریخ رحلت کر رقم
فضل و سخا رشد و ہدیٰ حلم و حیا عدل و کرم	ہیں رونما اب در د و غم قہر و جفا رنج و ستم

تصانیف آپ نے اپنی زندگی میں ہر موضوع پر بیسیوں علمی مضامین تحریر کئے۔ لیکن جن موضوعات پر آپ کے علمی شہ پارے آج بھی مستند مانے جاتے ہیں وہ تفسیر، عقائد اور شاعری جیسے بلند پایہ موضوع ہیں۔

تفسیر قرآن آپکی تفسیر نکات بدیعہ سے مزیّن ہے انداز نہایت دلچسپ اور عمدہ زبان نہایت سہل اور عام فہم۔ اسی لئے آپ کی تفسیر کو ہر کہ و مہ نہایت ذوق و شوق سے پڑھتا ہے۔ خاص الفاظ میں وہ ادب و محبت ہے کہ پڑھنے سے دل میں ایک عجیب سا شوق اور دیدار کی تڑپ پیدا ہوتی ہے۔

اعلیحضرت بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے ترجمۂ قرآن پر آپ کا لکھا ہوا تفسیری حاشیہ اس کا بیّن ثبوت ہے۔ کہ نہایت مختصر ہونے کے باوجود نہایت جامع اور سہل ہے (۲) اطیب البیان (۳) الکلمۃ العلیا (۴) سوانح کربلا (۵) کتاب العقائد (۶) دیوان ریاض نعیم۔ ان مختصر حالات کے لئے درج ذیل کتابوں سے مدد لی گئی ہے (۱) حیات صدر الافاضل غلام معین الدین نعیمی (۲) تذکرہ علمائے اہلسنت، شاہ محمود احمد قادری (۳) تذکرۂ علمائے اہلسنت و جماعت اقبال احمد فاروقی (۴) ماہنامہ ضیائے حرم جنوری ۱۹۷۴ء دیکھئے مضمون مولانا سید نعیم الدین مرادآبادی از محمد عبد الحکیم شرف قادری۔

قرآن پاک کے اُردُو تراجم کا تقابلی جائزہ

قرآن کریم اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب اور بنی نوعِ انسان کی طرف اللہ کا آخری پیغام ہے۔ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی حفاظت اور کتابت کا پورا پورا انتظام کیا، اس کی نشر و اشاعت میں اپنی پوری مبارک زندگی صرف کی، اس کے ہر قانون پر خود عمل کیا اور دُوسروں کو سختی سے اس پر عمل کی تاکید فرمائی۔ بار بار اپنے مُبارک اور مختصر جملوں میں اس کی اہمیت جتلائی۔

رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ان مساعی جمیلہ کی بنا پر قرآن کریم کو ہر مسلمان نے اپنے دِل و جان سے زیادہ عزیز رکھا اور علماء نے اس کی تفسیر اور تشریح میں اپنی زندگی کا بیشتر حصّہ صرف کیا۔

قرآن کریم چونکہ عربی زبان میں ہے اس لئے دنیا کی ہر زبان بولنے والے مسلمانوں نے اس کا اپنی اپنی زبان میں ترجمہ کیا اور تراجم قرآن کی دنیا میں کثرت ہو گئی۔ ان تراجم کی کثرت خود اس بات کا بیّن ثبوت ہے کہ آج تک قرآنِ کریم کا کوئی جامع اور مکمل ترجمہ نہ ہو سکا۔ آقائے دو جہاں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم (فداہُ اُمّی و اَبی)، کا یہ فرمانِ مبارک وَلَا یَخْلُقُ عَنْ کَثْرَتِ الرَّدِّ وَلَا یَنْقَضِیْ عَجَائِبُہٗ۔ نہ اس کے عجائبات ختم ہوں گے اور نہ یہ کثرتِ تکرار سے پُرانا ہو گا، کس قدر جامع ہے اور اس بات کی طرف واضح اشارہ کہ قرآن کی تفسیریں اور تراجم دُنیا قائم رہنے تک جاری رہیں گے۔

برِعظیم پاک و ہند میں قرآنِ کریم کے تراجم زیادہ تر اُردو زبان میں ہوئے ہیں۔ ان مترجمین کا سرخیل شاہ ولی اللہ کا خاندان ہے اور اس کے بعد بھی ترجمے ہوتے رہے۔ تو اس سے یہ بات ثابت ہو گئی کہ گذشتہ تراجم جامع نہیں تھے۔ خاص کر شاہ عبدالقادرؒ کا ترجمہ تو اخذِ مفہوم کے لئے بالکل نامکمّل ہے۔ مولانا اشرف علیؒ تھانوی کا ترجمہ اگرچہ اخذِ مفہوم کے لئے قدرے بہتر تھا لیکن اس میں یہ قباحت تھی کہ ترجمہ صرف سرسری کر دیا گیا۔ چند باتیں جو نہایت اہم تھیں نظر انداز کر دی گئیں۔ ایک تو یہ کہ ایک لفظ ایک جگہ جو معنی دیتا ہے دوسری جگہ بھی وہی معنی استعمال کر لئے گئے حالانکہ یہ درست نہیں تھا کیونکہ قرآن کریم کے اسلوب بیان میں ایک خاص کیفیّت ہے جو دوسری زبانوں یا زبان کی کسی صنف میں نہیں ہے۔ اس کی تمثیلیں استعارات، کنایات، اشارات اور تشبیہات کا انداز تمام اصنافِ سُخن سے مختلف ہے۔

مندرجہ بالا گزارش سے یہ سوال سامنے آتا ہے کہ قرآنِ کریم کا کسی دوسری زبان میں کماحقّہٗ ترجمہ ہو سکتا ہے یا نہیں؟

اس کا جواب بہت آسان ہے کہ قرآن کریم کا ترجمہ کسی دوسری زبان میں ممکن نہیں بلکہ اگر عربی ہی کے مترادف الفاظ لے آئے جائیں تو بھی مفہوم کہیں سے کہیں جا پہنچے گا اور قرآنی مفہوم ہی ختم ہو کر رہ جائے گا۔ اس بارے میں ابنِ قتیبہ کی رائے یہ ہے کہ "قرآن کریم کا نزُول ان تمام اسالیب کلام کے مطابق ہوا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کوئی ترجمہ کرنے والا قرآن کریم کا ترجمہ کسی (دوسری) زبان میں کماحقّہٗ نہیں کر سکتا۔ جیسا کہ ترجمہ کرنے والوں نے انجیل کا ترجمہ سُریانی زبان سے حبشی یا رومی زبان میں کر لیا تھا، ایسے ہی زبُور، تورات کے تراجم اور باقی کتب الٰہیہ کے تراجم عربی زبان میں کر لئے گئے تھے کیونکہ عجمی زبانوں میں مجاز کی وہ وُسعت نہیں جو عربی زبان میں ہے" اس لئے یہ دشوار ترین امر ہے کہ قرآن کریم کا کماحقّہٗ، کسی بھی دُوسری زبان میں ترجمہ کیا جائے۔

قرآنِ کریم ہی سے چند مثالیں پیش کی جا رہی ہیں جس سے یہ ثابت ہو گا کہ قرآن کریم کا ترجمہ کرنا کتنا دشوار ہے۔

وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِیَانَۃً فَانْبِذْ اِلَیْھِمْ عَلٰی سَوَآءٍ ؕ ۸/۵۸

پہلی آیت: آپ کبھی بھی ایسے الفاظ نہیں لا سکتے جو ان لفظوں کا صحیح ترین ترجمہ ہوں اور ان الفاظ کی خوبی ان میں موجود ہو۔

فَضَرَبْنَا عَلٰٓی اٰذَانِھِمْ فِی الْکَھْفِ سِنِیْنَ عَدَدًا ۱۸/۱۱

دوسری آیت: اگر قرآن کے اس فرمان کو کماحقّہٗ لفظوں کی شکل میں ادا کرنا چاہیں تو یہ ناممکن ہے۔ ہاں اس کا مفہوم ضرور معلوم کیا جا سکتا ہے اور اس کے علاوہ بھی کئی آیتیں ہیں جو طوالت کے پیشِ نظر ذکر نہیں کی جا رہی ہیں۔ اس سے یہ بات تو ثابت ہو گئی کہ قرآن کریم کا ترجمہ کماحقّہٗ نہیں کیا جا سکتا لیکن کیا یہ کہہ دینا کافی ہے کہ قرآن کریم کا ترجمہ کماحقّہٗ نہیں کیا جا سکتا اس لئے چھوڑو قرآن سمجھ کر کیا کرنا ہے؟ ہرگز نہیں۔ بلکہ قرآن کا ترجمہ کیا جائے گا اور اس کی تشریح و تفسیر بیان کی جائے گی اور اس بات کی کوشش کی جائے گی کہ ترجمہ و تفسیر کماحقّہٗ ہو۔

مترجمین کرام نے جو خاص بات نظر انداز کر دی وہ یہ ہے کہ انہوں نے آنحضرت صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم فداہُ اُمیّ و اَبی کو جہاں قرآن میں مخاطب کیا ہے وہاں وہ ادب ملحوظ خاطر نہ رکھا جو شانِ مصطفویؐ ہے اور ترجمہ میں ایک قسم کا سقم واقع ہو گیا جس سے محبانِ رسُول اور عاشقانِ مصطفیٰؐ کے قلوب کو تکلیف پہنچتی ہے۔

بعض جگہوں پر اللہ ربُّ العزّت ذوالجلال والاکرام کے لئے ایسے الفاظ استعمال کئے گئے جو شانِ کبریائی کے منافی ہیں۔ بلکہ اللہ کی شان اور اس کی عظمت میں ان الفاظ کا استعمال گستاخی ہے حالانکہ کسی بھی زبان کا دوسری زبان میں ترجمہ کرتے وقت اس زبان کے آداب ملحوظ رکھے جاتے ہیں۔ قرآنِ کریم میں مختلف جگہوں پر ایک ہی لفظ استعمال ہوا ہے لیکن سیاق وسباق کے اعتبار سے اس کے معانی مختلف ہیں۔ اگر ہر جگہ ایک ہی معنی لئے جائیں تو مفہوم درست نہیں ہوگا۔ ان الفاظ میں سے چند درج ذیل ہیں۔

خدع، مکر، ھدی۔ علم، ضال، وحی، مومن، شاکر اس کے علاوہ اور بہت سے ایسے الفاظ ہیں جن کے معانی اپنے سیاق وسباق کے لحاظ سے بدلتے رہتے ہیں۔ اللہ تعالےٰ نے قرآن میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو صیغۂ واحد حاضر میں مخاطب فرمایا لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ ترجمہ کرتے وقت اُردو میں وہی الفاظ استعمال کئے جائیں۔ اُردو زبان میں تُو، کہہ کر اپنے سے بڑے کو مخاطب کرنا گستاخی ہے۔ ہاں اللہ کے لئے تو تُو استعمال کیا جا سکتا ہے کہ وہ مالک اور خالق اور بندے کا راز دار ہے۔ لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم فداہُ امی وابی کے لئے تو استعمال کرنا اُردو آداب زبان کے خلاف ہوگا۔

مندرجہ بالا الفاظ کی تشریح اور مناسبت معنیٰ۔

خَدَعَ کے معنی ہیں جو کچھ دل میں ہو اس کے خلاف ظاہر کر کے کسی کو اس چیز سے پھیر دینا جس کے وہ درپے ہو۔ جب یہ لفظ دشمنِ خدا اور رسُول کے لئے استعمال ہوگا تو اس کے معنیٰ اور ہوں گے اور جب یہی لفظ اللہ کے لئے قرآن میں استعمال کیا گیا ہو تو معنیٰ اور ہوں گے، ایک ہی معنیٰ میں استعمال کر دینا صریحاً غلطی ہے مثلاً۔ کہ "وہ اللہ کو دھوکا دیتے ہیں اور اللہ ان کو دھوکا دیتا ہے" بالکل غلط ہے مگر اعلیٰ حضرت بریلوی رضی اللہ عنہ نے اپنے اس ترجمے میں اس بات کا خاص خیال رکھا ہے جو دوسرے کسی مترجم قرآن نے نہیں رکھا۔

مَکر کے معنی کسی شخص کو حیلہ کے ساتھ اس کے مقصد سے پھیر دینے کے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں (۱) اگر اس سے کوئی اچھا فعل مقصود ہو تو محمُود ہوتا ہے ورنہ مذموم۔ اب وَاللّٰہُ خَیْرُ الْمَاکِرِیْنَ کا ترجمہ "اللہ کا فریب سب سے بہتر ہے" قطعاً غلط ہوگا۔

(خَیْرُ الْمَاکِرِیْنَ) میں اللہ تعالےٰ تدابیر محمُود کا مالک ہے کافروں کی تدبیریں مذموم ہیں لیکن اللہ کی تدبیر محمودہے اور اللہ محمُود تدبیریں کرنے والا ہے دوسری جگہ پر یہی لفظ مذموم تدابیر کے معنی میں آیا ہے جیسے وَلَا یَحِیْقُ الْمَکْرُ السَّیِّئُ اِلَّا بِاَھْلِہٖ ۳۵/۴۳ ترجمہ اور مذموم تدابیر کرنے والے کا وبال اس کے کرنے والے پر ہوتا ہے۔ اور وَاِذْ یَمْکُرُ بِکَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا اور اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت کو یاد کرو جب کافر لوگ تمہارے بارے میں (مذموم) چال چل رہے تھے ۸۔۳۰۔ وَمَکَرُوْا مَکْرًا وَّ مَکَرْنَا مَکْرًا۔ اور وہ ایک چال چلے (مذموم) اور ہم نے بھی ایک تدبیر کی (محمُود) یعنی انہوں نے مذموم تدابیر اختیار کیں اور ہم نے محمُود تدبیر اختیار کی۔ بعض نے کہا ہے کہ مکر خداوندی کے معنی بندے کو ڈھیل دینے اور دنیوی ساز وسامان پر خوب قدرت دینے کے ہیں اس لئے امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا مَنْ وُسِّعَ عَلَیْہِ دُنْیَاہُ وَلَمْ یَعْلَمْ اَنَّہٗ مُکِرَ بِہٖ فَھُوَ مَخْدُوْعٌ فِیْ عَقْلِہٖ کہ جس پر اس کی دنیا فراخ کر دی گئی اور وہ یہ نہ سمجھا ہو کہ اُسے ڈھیل دی گئی ہے تو وہ فریب خوردہ اور احمق ہے۔

مندرجہ بالا بحث سے واضح ہو گیا کہ مکر کے کیا معنیٰ ہیں اور اس کے معنیٰ مترجمین نے اکثر غلط کئے ہیں۔

عِلْمٌ کسی چیز کی حقیقت کا ادراک کرنا اور یہ دو قسم پر ہے۔ اوّل یہ کہ کسی چیز کی ذات کا ادراک کرنا۔ دوّم ایک چیز پر کسی صفت کے ساتھ حکم لگانا جو اس کے لئے ثابت ہو۔ یا ایک چیز کی دوسری چیز سے نفی کرنا جو اس سے منفی ہو۔ پہلی صورت میں یہ لفظ متعدّی بیک مفعول ہوتا ہے جیسا کہ قرآن میں ہے۔ لَا تَعْلَمُوْنَھُمْ اَللّٰہُ یَعْلَمُھُمْ ۸/۶ جن کو تم نہیں جانتے اور اللہ جانتا ہے ۸۔۶۔ اور دوسری صورت میں متعدّی بہ دو مفعول ہوتا ہے جیسا کہ اللہ کا ارشاد ہے فَاِنْ عَلِمْتُمُوْھُنَّ مُؤْمِنٰتٍ ۱۹/۵ اگر تم کو معلوم ہو کہ مومن ہیں۔ اور آیت یَوْمَ یَجْمَعُ اللّٰہُ الرُّسُلَ کے آخر میں لَا عِلْمَ لَنَا ہمیں کچھ معلوم نہیں سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ان کے ہوش وحواس قائم نہیں رہیں گے ایک اور حیثیت سے علم کی دو قسمیں ہیں (۱) نظری علم (۲) عملی علم۔ علم نظری یہ ہے کہ جو حاصل ہونے کے ساتھ ہی مکمل ہو جائے۔ جیسے وہ علم جس کا تعلق

موجوداتِ عالم سے ہے اور علم عملی یہ ہے کہ جو عمل کے بغیر تکمیل نہ پائے جیسے عبادات کا علم۔

علم کی ایک اور حیثیت سے بھی تقسیم کی گئی ہے۔ ایک علم عقلی یعنی وہ علم جو صرف عقل سے حاصل ہو سکے دوسری علم سمعی یعنی وہ علم جو محض عقل سے حاصل نہ ہو بلکہ بذریعہ نقل وسماعت کے حاصل کیا جائے۔ اسی لئے جب عالم اللہ کے لئے بولا جائے گا تو معنیٰ اور ہوں گے اور انسان کے لئے بولا جائے گا تو اور معنیٰ ہوں گے۔ ظاہر ہے دونوں کو خلط ملط کر دینا غلط ہی ہوگا۔ تو جہاں جہاں قرآن میں نَعْلَمُ وَ لِنَعْلَمُ کا لفظ آیا ہے وہاں معانی بھی اسی اعتبار سے کئے جائینگے ورنہ بہت سارے اشکال وارد ہونیکا خطرہ ہے الضلال کے معنی سیدھی راہ سے ہٹ جانے کے ہیں۔ یہ ہٹنا خواہ عمداً ہو یا سہواً، تھوڑا ہو یا زیادہ تو جس سے بھی کسی قسم کی غلطی سرزد ہوگی اس کے متعلق ضلالت کا لفظ استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انبیاء اور کفار دونوں کے لئے یہ لفظ استعمال کیا گیا ہے لیکن ترجمہ کرتے وقت ان باتوں کا لحاظ ضروری ہے کہ فرقِ مراتب کا خیال رکھا جائے۔ اگر ایک ہی معنیٰ کئے تو یہ صریح گستاخی ہوگی۔

مومن کا لفظ اہلِ ایمان کے لئے بھی استعمال کیا گیا ہے اور اللہ تعالےٰ ربُّ العزّت کے لئے بھی چنانچہ دونوں میں ترجمہ کرتے وقت فرق ملحوظ خاطر رکھنا ضروری ہے۔ اسی طرح لفظ "شاکر" جو بندہ و معبود دونوں کے لئے استعمال ہوا ہے، اگر یہ خیال نہ کیا جائے تو ترجمہ بالکل چوپٹ ہو، اور بجائے ثواب کے عذاب ہو۔ مترجمین میں سے شاہ عبد القادرؒ، شاہ رفیع الدینؒ، شاہ ولی اللہؒ (فارسی ترجمہ)، عبد الماجد دریا بادی، ڈپٹی نذیر احمد، اشرف علی تھانوی، مرزا حیرت دہلوی وغیرہم سب نے ترجمہ میں ان باتوں کا خیال نہیں رکھا۔ نہ جانے کیوں۔ بہر حال اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلوی رضی اللہ عنہ نے ان تمام باتوں کا خیال رکھا اور ادبِ مصطفوی کو مقصدِ زندگی بنایا اور ایسا ترجمہ پیش کیا جس میں ادب شستگی، آرائش وحسنِ بیان مکمل طور پر موجود ہے۔

قرآن کریم کے مروّجہ تمام ترجمے اگر غور سے دیکھے جائیں تو یہ بات صاف معلوم ہو جاتی ہے کہ ترجمہ کرتے وقت کس مترجم نے اللہ اور اس کے رسُول صلی اللہ علیہ وسلم کا ادب ملحوظ خاطر رکھا ہے۔ ذیل میں ہم تمام ترجموں سے کچھ اقتباسات پیش کرتے ہیں اور آپ سے اس بات کی التجا کرتے ہیں کہ آپ خود فیصلہ فرما دیں کہ کونسا ترجمہ ادب کے قریب اور کونسا ترجمہ بے ادبی اور گستاخی پر مبنی ہے۔

وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى سورۃ الضحیٰ آیت (۷)

ترجمہ: اور پایا تجھ کو بھٹکتا ہوا۔ پھر راہ دی۔ (شاہ عبد القادرؒ)

"اور پایا تجھ کو راہ بھولا ہوا پس راہ دکھائی۔ (شاہ رفیع الدینؒ)

"دریافت ترا راہ گم کردہ یعنی شریعت نمی دانستی پس راہ نمود" (شاہ ولی اللہؒ)

"اور آپ کو بے خبر پایا، سو رستہ بتایا"۔ (عبد الماجد دریا بادی)

"اور تمہیں گم کردہ راہ پایا تو کیا (تمہیں) ہدایت (نہیں) کی" (مرزا حیرت دہلویؒ)

"اور تم کو دیکھا کہ راہِ حق کی تلاش میں بھٹکے بھٹکے پھر رہے ہو تو تم کو دین اسلام کا سیدھا راستہ دکھایا"۔ (ڈپٹی نذیر احمدؒ)

"اور اللہ تعالےٰ نے آپ کو شریعت سے بے خبر پایا سو آپ کو شریعت کا راستہ بتلا دیا"۔ (اشرف علی تھانویؒ)

"اور تمہیں اپنی محبّت میں خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی"۔ (اعلیٰ حضرت احمد رضا خاںؒ)

تمام مترجمین کرام نے ضَآلًّا کا ترجمہ بھٹکا ہوا، گم کردہ راہ وغیرہ کے معنوں میں استعمال کیا ہے جو صریحًا غلط اور بے ادبی پر دال ہے۔ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ اقدس میں یہ کہنا کہ بھٹکا ہوا اور گم کردہ راہ ہے صاف اور صریح گستاخی ہے۔ البتّہ آخری مترجم کا ترجمہ آپ دو تین بار پڑھیں اور خود ہی فیصلہ کریں کہ کونسا ترجمہ صحت وادب کے قریب ہے۔

اے کاش! یہ مترجمین اس قسم کا ترجمہ نہ کرتے کہ جس سے غیر مسلموں کو شہ ملی اور انہوں نے اس ترجمے کو اپنی زبان میں اس طرح ڈھالا کہ جس سے صاف یہ پتا چلتا ہے کہ محمّد (صلی اللہ علیہ وسلم) کچھ بھی نہیں تھے صرف بھٹکنے والے ایک پریشان گم کردہ راہ آدمی تھے (نعوذ باللہ من ذالک) تو انہیں پھر ہدایت دے دی گئی اعلیٰ حضرت نے اس قدر باادب اور نفیس ترجمہ کیا ہے کہ آپ اسے کسی زبان میں بھی منتقل کریں کسی صورت بے ادبی غلط فہمی کا احتمال باقی نہیں رہتا۔ الفاظ پر غور کیجئے۔

"اور تمہیں اپنی محبّت میں خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی"۔ یعنی رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فداہُ ابی واُمّی نبی تھے رسُول تھے پیغمبر تھے راہِ حق پر تھے لیکن اللہ کی محبّت میں از خود رفتہ ہو چکے تھے تو اللہ نے وہ ظاہری لباس نبوت اور اپنا قرب نصیب فرمایا۔ جس کے لئے آپ پریشان رہتے تھے۔ نہ یہ کہ

آپ راہ بھٹکے ہوئے گم کردہ تھے۔

قرآن کریم میں دوسری جگہ یہ بات بیان کردی گئی کہ۔ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ۝ سورہ نجم آیت نمبر ۲۔ یعنی آپ کے صاحب (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) نہ گمراہ ہوئے اور نہ بے راہ چلے

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ

ترجمہ: ہم نے فیصلہ کر دیا تیرے واسطے صریح فیصلہ تا معاف کرے تجھ کو اللہ جو آگے ہوئے تیرے گناہ اور جو پیچھے رہے (شاہ عبدالقادرؒ)

تحقیق فتح دی ہم نے تجھ کو فتح ظاہر تا کہ بخشے واسطے تیرے خدا جو کچھ ہوا تھا پہلے گناہوں سے تیرے اور جو کچھ پیچھے ہو۔ (شاہ رفیع الدینؒ)

ہر آئینہ ما حکم کردیم برائے تو بفتح ظاہر عاقبت فتح آنست کہ بیامرزد ترا خدا آنچہ کہ سابق گذشت از گناہ تو و آنچہ پس ماند۔ (شاہ ولی اللہؒ)۔

بے شک ہم نے آپ کو کھلم کھلا فتح دی تا کہ اللہ آپ کی سب اگلی پچھلی خطائیں معاف کر دے۔ (عبدالماجد دریا بادی)

اے پیغمبر یہ حدیبیہ کی صلح کیا ہوئی۔ درحقیقت ہم نے تمہاری کھلم کھلا فتح کر دی تا کہ تم اس فتح کے شکریہ میں دینِ حق کی ترقی کے لئے اور زیادہ کوشش کرو اور خدا اس کے صلے میں تمہارے اگلے اور پچھلے گناہ معاف کرے۔ (ڈپٹی نذیر احمدؒ)

بے شک ہم نے آپ کو ایک کھلم کھلا فتح دی تا کہ اللہ آپ کی اگلی پچھلی خطائیں معاف فرما دے۔ (اشرف علیؒ تھانوی)

بے شک اے نبی ہم نے تمہیں ایک فتح ظاہر عنایت کی۔ اللہ تعالٰے تمہارے اگلے پچھلے گناہوں کو بخش دے۔ (مرزا حیرت دہلویؒ)

بے شک ہم نے تمہارے لئے روشن فتح دی تا کہ اللہ تعالیٰ تمہارے سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلوں کے اور تمہارے پچھلوں کے۔ (اعلیٰ حضرتؒ)

کسی زبان کا دوسری زبان میں ترجمہ کرنے کے لئے ضروری ہے کہ مترجم ان دونوں زبانوں کا ماہر ہو اور یہ بات اس آیت کے ترجمے میں نہیں ہے کیونکہ سوائے اعلیٰ حضرت کے سب نے ایسا ترجمہ کیا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ نبی آخرالزمان صلی اللہ علیہ وسلم (نعوذ باللہ من ذالک) پہلے بھی گناہ کر چکے تھے۔ اور بعد میں بھی کرنے کا امکان ہے کہ جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کو ایک سند دینی پڑی کہ آپ کے اگلے اور پچھلے سب گناہ ہم نے معاف کر دیئے

ترجمے میں دو سوال اُبھر کر سامنے آتے ہیں۔ اول یہ کہ کیا نبی معصوم نہیں۔ دوسرے یہ کہ کیا گناہ اسی طرح معاف ہوا کرتے ہیں کہ اللہ نے فتح بھی دی اور اس کے ساتھ گناہ کی مغفرت کا سرٹیفکیٹ بھی ساتھ ہی دے دیا۔

سوال اوّل کا جواب صاف ہے اور ہر مسلمان اور عاشق رسُول کو معلوم ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پہلے بھی معصوم تھے اور بعد میں بھی معصوم ہیں۔ گناہ کا شائبہ اور تصوّر بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں نہیں کیا جا سکتا۔

ترجمے کی یہی غلطی اُردو کے علاوہ دوسری زبانوں کے مترجمین نے بھی کی ہے۔ مثلاً قرآن کے انگریز مترجم اے۔ جے۔ آربری (A. J. Arberry) نے اپنے انگریزی ترجمے میں اس آیت کریمہ کے معنی اس طرح کئے ہیں۔

"Surely we have given thee (you) a manifest victory, that God may fogive thee (you) The former and the latters sins."

اس انگریزی ترجمے سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ (نعوذ باللہ) رسُول گنہگار تھے۔ اور اسی قسم کے ترجموں نے نئے انگریزی محققین کو رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی پر آمادہ کیا اور انہوں نے حضُور کی شان میں ایسے الفاظ استعمال کئے جو شانِ رسالت پناہ کے بالکل منافی تھے Marmanduke Picthal کا ترجمہ دیکھیئے۔

(1) Lo! We have given thee (O Muhammad) a signal victory, (2) That Allah may forgive thee of that sin, that which is past and that which is to come.

اب بتائیے کہ اس سے کیا ثابت ہوتا ہے۔ اس ترجمے سے تو صاف ظاہر ہوتا ہے کہ رسول گنہگار تھے (نعوذ باللہ من ذالک) لیکن اعلیٰحضرت کے ترجمے میں آپ خود دیکھیں کہ یہ بات نہیں ہے۔ اب اعلیٰحضرت کا ترجمہ پڑھیئے تو جی میں وہ انبساط و سرور پیدا ہوگا جو قرآن کا مقصود ہے۔

فَاِنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يَخْتِمْ عَلٰى قَلْبِكَ (سورہ شوریٰ۔ آیت ۲۴)

ترجمہ: پس اگر خواہد خدا مُہر نہد بر دل تو (شاہ ولی اللہؒ)

پس اگر چاہتا اللہ مُہر کر دے تیرے دل پر (شاہ رفیع الدینؒ)

سو اگر اللہ چاہے مُہر کر دے تیرے دل پر (شاہ عبدالقادرؒ)

سو اگر اللہ چاہے تو آپکے قلب پر مُہر لگا دے (عبدالماجد دریا بادی)

سو خدا اگر چاہے تو آپ کے دل پر بند لگادے (اشرف علی تھانویؒ)
اور اگر اللہ چاہے تو تمہارے دل پر اپنی رحمت و حفاظت کی مُہر لگادے۔ (اعلیحضرتؒ)۔

سوائے اعلیحضرت بریلوی کے تمام ترجموں سے قاری یہی نتیجہ اخذ کرے گا کہ اللہ تعالیٰ نے رسُول اللہ کے دل اطہر پر مُہر لگانے کا ارادہ کیا تھا لیکن پھر کچھ سوچ کر چھوڑ دیا ورنہ ضرور مُہر لگادیتا۔ اب یہ تو معلوم ہی نہیں کہ کیوں مہر نہیں لگائی۔ یہ کس قدر گستاخی اور بے ادبی ہے کہ اللہ تعالیٰ تو چاہتے تھے کہ مُہر لگادیں (کیونکہ نعوذ باللہ ثم نعوذ باللہ حضور کے اعمال ہی ایسے تھے جن کی وجہ سے مُہر لگانے کی ضرورت تھی لیکن پھر چھوڑ دیا) اس ترجمہ سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ نبی ہونا کوئی غیر معمولی اور بڑی بات نہیں۔ بھلا جس کو اللہ تعالیٰ نبوّت کے لئے اور وہ بھی جس پر نبوّت کا خاتمہ ہو منتخب کرے اور پھر خود ہی اس کو بار بار سرزنش کرے کیوں کر ہو سکتا ہے۔

حضرت احمد رضا خاں بریلوی کے علاوہ دیگر ترجموں سے دو باتیں ثابت ہوتی ہیں، ایک تو یہ کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو نبوّت کا تاج تو پہنا دیا لیکن استغفر اللہ حضور نبوّت کے قابل نہ تھے حالانکہ تمام مسلمان اہل علم ہوں یا بے علم سب اس بات پر متفق ہیں کہ نبوّت اللہ کی جانب سے ہوتی ہے اور صرف اس شخص کو نبوّت سے سرفراز کیا جاتا ہے جو قوّت عقلیہ فراست و تدبّر میں کل عالم میں سب سے افضل ہو۔ اعلیٰ حضرت بریلوی نے ان تمام خدشات اور توہین آمیز کلمات کو محبّت و رحمت کی مہر کہہ کر صاف مٹا دیا۔ جب انسان کسی کو نبی تسلیم کر لیتا ہے تو متعلقاتِ نبوّت سے کیونکر انکار کرے گا۔ نبی کا قوّت عقلیہ میں کل عالم سے برتر ہونا وہ خود بخود تسلیم کرے گا، اگر نہیں تو اس کا صاف مطلب ہٹ دھرمی کے سوا کچھ نہیں۔

وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَ هُمْ مِّنْ بَعْدِ مَاجَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ مَالَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝ سورہ بقرہ: آیت ۱۲۰۔

ترجمہ: اور کبھی چلا تو ان کی پسند پر بعد اس علم کے جو تجھ کو پہنچا تو تیرا کوئی نہیں اللہ کے ہاتھ سے حمایت کرنے والا نہ مددگار (شاہ عبدالقادرؒ)

" اور البتہ اگر پیروی کرے گا تو خواہشوں ان کے پیچھے اس چیز کے آئی تیرے پاس علم سے نہیں واسطے تیرے اللہ سے کوئی دوست اور نہ مددگار۔ (شاہ رفیع الدینؒ)۔

" اگر پیروی کردی آرزوہائے باطل ایشاں را پس آنچہ آمدہ است بتو از دانش نہ باشد ترا برائے اخلاص از عذاب خدا ہیچ دوستی و نہ یارے دہند (شاہ ولی اللہؒ)

" اور اگر آپ بعد اس علم کے جو آپ کو پہنچ چکا ہے ان کی خواہشوں کی پیروی کرنے لگے تو آپ کے لئے اللہ کی گرفت کے مقابلے میں نہ کوئی یار ہوگا نہ مددگار۔ (عبدالماجد دریابادی)

" اور اے پیغمبر اگر تم اس کے بعد تمہارے پاس علم یعنی قرآن آچکا ہے۔ ان کی خواہشوں پر چلے تو پھر تم کو خدا کے غضب سے بچانے والا نہ کوئی دوست ہوگا اور نہ کوئی مددگار۔ (ڈپٹی نذیر احمدؒ)

" اور اگر آپ اتباع کرنے لگیں ان کے غلط خیالات کا علم قطعی ثابت بالوحی آچکنے کے بعد تو آپ کا کوئی خدا سے بچانے والا یار نکلے نہ مددگار۔ (اشرف علی تھانویؒ)

" اور (اے سننے والے کسے باشد) اگر تو ان کی خواہشوں کا پیرو ہوا بعد اس کے کہ تجھے علم آچکا تو اللہ سے کوئی تیرا بچانے والا ہوگا اور نہ مددگار۔ (اعلیحضرت بریلویؒ)

مندرجہ بالا ترجموں میں سوائے اعلیٰ حضرت بریلوی کے تمام ترجموں سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات پر زجر و توبیخ کی جا رہی ہے کہ تم قرآنی علم آجانے کے بعد ان کی پیروی کروگے (نعوذ باللہ) لہٰذا اگر ایسا کیا تو خبردار تم کو ایسی پکڑ پکڑیں گے کہ کوئی چھڑا نہ سکے گا۔ بھلا بتائیے یہ کیا بات ہوئی حالانکہ تفسیر خازن (جلد اوّل ص ۸۷) میں ہے کہ اِنّہ خطاب للنبی صلی اللہ علیہ وسلم والمراد بہ امتہ یہ خطاب تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے لیکن اس سے مراد اُمّت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلّم ہے۔ پھر سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر ایسا تھا تو ان حضرات کو ترجمے میں یہ بات واضح کرنی چاہیئے تھی کہ نہ ایسا ترجمہ کرتے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تنقیص ہوتی ہو۔ اعلیحضرت بریلوی نے اس لفظ کے ترجمے میں یہ کمال کیا کہ ترجمہ وہ کر دیا جو منشائے مولیٰ اور تقاضائے ادب تھا۔

مَاكُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ۔ (سورۃ شوریٰ آیت ۵۲)

ترجمہ: تو نہ جانتا تھا کہ کیا ہے کتاب اور نہ ایمان۔ (شاہ عبدالقادرؒ)
نمی دانستی کہ چیست ایمان (شاہ ولی اللہ) آپ کو خبر نہ تھی کہ کتاب کیا چیز ہے اور نہ یہ کہ ایمان کیا چیز ہے (عبدالماجد دریابادی)۔
تم نہیں جانتے تھے کہ کتاب اللہ کیا چیز ہے اور نہ یہ خبر تھی کہ ایمان کا انتہائی کمال کیا چیز ہے۔ (اشرف علی تھانویؒ)
اس سے پہلے نہ تم کتاب جانتے تھے نہ احکام شرع کی تفصیل

سیرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم (فداہُ امّی وابی) کو شرفِ نبوّت کا تاج تخلیقِ آدم سے قبل ہی عطا کر دیا گیا تھا۔ پھر یہ ترجمہ کرنا کہ نہ تو کتاب جانتا تھا اور نہ ایمان تو یہ صاف اور صریح عصمتِ انبیاء پر حملہ ہے کیونکہ نبوّت اللہ نے اپنے منتخب بندوں ہی کو عطا فرمائی ہے اور یہ انتخاب لوح و قلم میں محفوظ ہے۔ پھر یہ کہنا کس قدر گستاخی ہے کہ اس سے قبل آپ مومن نہ تھے جبکہ ایک روایت میں آتا ہے کہ جب آپ دنیا میں تشریف لائے تو اللہ ربُّ العزت کو سجدہ کیا اور فرمایا "لاالٰہ الااللہ محمّد رسُول اللہ" تو خود ہی فیصلہ کریں کہ حقیقت کیا ہے آیت کا مطلب صاف یہ ہے کہ جو لوگ آپ کو نبی نہیں مانتے ان کو معلوم ہو جائے کہ یہ کتاب من جانب اللہ ہے اور اس کتاب کے نزول کے بعد ہی انہوں نے بنی نوعِ انسان کے سامنے ایمان پیش کیا۔ اگر یہ سچّی نبوّت نہ ہوتی تو پہلے سے کتاب و ایمان کا تذکرہ فرماتے نہ کہ بعد میں چالیس سال کی عمر کے بعد ذکر کرتے۔ اس سے صاف ظاہر ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جو بات پیش کر رہے ہیں وہ من جانب اللہ ہے ان کی اپنی طرف سے نہیں ہے۔

صاف صاف لفظوں میں ایسا ترجمہ کرنا جس سے یہ ظاہر ہوتا ہو کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ کتاب کا پتا تھا نہ ایمان کا صریحًا بے ادبی اور گستاخی ہے۔ جہاں جہاں اس قسم کی آیت آئے اس کا ترجمہ کرنا ضروری نہیں ہوتا بلکہ وہاں ایسا مفہوم لینا چاہیئے جس سے شانِ رسالت بلند ہو اور آقائے دو جہاں سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ والاصفات کی تعریف و توصیف ہوتی ہو۔

مندرجہ بالا مثالوں سے یہ بات واضح کرنی مقصود ہے کہ ہم اب چشم پوشی سے کام نہ لیں اور نہ شخصیت پرستی کے جال میں پھنسیں اور دلیل صرف یہ دیں کہ چونکہ فلاں نے کہا ہے اس لئے درست ہے۔ نہیں ہرگز نہیں۔ یہ نہ دیکھیں کہ کس نے کہا بلکہ یہ دیکھیں کہ کیا کہا۔ اگر کہا ہوا درست ہے تو سبحان اللہ ورنہ اس غلطی کی نشاندہی ضرور کریں کہ اس سے اللہ کی خوشنودی حاصل ہوگی ہم یہ نہیں کہتے کہ اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلوی ہی کا ترجمہ سب کچھ ہے بلکہ ہم صرف یہ احساس دلانا چاہتے ہیں کہ انہوں نے ٹھیک کہا اور ہر آیت کے ترجمے میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان کو برقرار رکھا اور کوئی ایسی بات نہیں کی جس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر انبیائے کرام کی تنقیص ہوتی ہو۔ یا ان کی گستاخی کا کوئی پہلو نکلتا ہو۔ آپ شروع سے لے کر آخر تک اس ترجمے کو پڑھ ڈالیئے آپ کو کہیں بھی ایسا جملہ نہیں ملے گا جس میں اللہ تعالےٰ اور انبیائے کرام کی تنقیص ہوتی ہو۔ بلکہ حضرت علامہ احمد رضا خاں نے ہر ایک کو اپنے اپنے مقام پر رکھا ہے۔

وہی کچھ بیان کیا جو حق تھا جس میں سچائی تھی، عشق رسُول تھا۔ ہم نے آپ کو اس نہج پر سوچنے کی دعوت دی ہے ٹھنڈا آپ سوچیں اور خود ہی فیصلہ کر لیں کہ کیا حق ہے اور کیا ناحق۔

(وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰہِ عَلَيْہِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْہِ اُنِيْبُ)

رموزِ اوقاف

وقف ٹھہرنے اور وصل ملا کر پڑھنے کو کہتے ہیں

○ یہ گول دائرہ آیت کی علامت ہے جب اس پر کوئی اور علامت طیم وغیرہ کی نہ ہو تو اس پر ٹھہرنا چاہیئے اور اگر کوئی دوسری علامت ہو تو اسکے موافق عمل کرنا چاہیئے

لاؔ جب آیت پر لا ہو تو وہاں ٹھہرنے نہ ٹھہرنے میں اختلاف ہے قول مشہور یہی ہے کہ نہ ٹھہرے

ط مطلق کی علامت ہے اس پر ٹھہرنا اولیٰ ہے۔

م وقف لازم کی علامت ہے یہاں وقف کرنا یعنی ٹھہرنا ضروری ہے

ج جائز کی علامت ہے یہاں ٹھہرنے نہ ٹھہرنے دونوں کا اختیار ہے۔

ز جائز کی علامت ہے اور نہ ٹھہرنا بہتر ہے۔

ص وقف مرخص کی علامت ہے یہاں بہتر وصل ہے مگر قاری چاہے تو اس کو ٹھہرنے کی اجازت ہے۔

ق قیل کی علامت ہے مراد اس سے ضعف ہے۔

صلے الوصل اولیٰ کی علامت ہے یہاں ملا کر پڑھنا بہتر ہے۔

صل علامت ہے قدیوصل کی یہاں وقف بہتر ہے۔

ک کذٰلِکَ کی علامت ہے اس سے یہ مراد ہے کہ یہاں وہی وقف ہے جو اوپر گذرا ہے۔

قف صیغہ امر ہے یہاں وقف بہتر ہے۔

سکتہ یہاں تھوڑا ٹھہرے سانس نہ توڑے۔

س یہ بھی سکتے کی علامت ہے۔

لا جہاں لا لکھا ہو وہاں وصل ضروری ہے وقف درست نہیں۔

ھ پانچ آیتیں پوری ہونے کی علامت ہے۔

ے دس آیتوں کی علامت ہے۔

عب عشرہ بصریہ کی علامت مراد یہ ہے کہ یہاں قراء بصر کی شمار دس آیتیں ہوئیں۔

خب خمسہ بصریہ کی علامت ہے مراد یہ ہے کہ قراء بصرہ کی شمار سے پانچ آیتیں ہو چکیں۔

تب آیہ بصریہ کی علامت ہے یہاں قراء بصرہ کے نزدیک آیت ہے۔

لب لَيْسَ بِاٰيَةٍ عندالبصرِيّين یعنی بصریوں کے نزدیک آیت نہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قرآن مجید پڑھنے کے فضائل

(از علامہ عبد المصطفٰے الازہری شیخ الحدیث دار العلوم امجدیہ کراچی)

قرآن مجید پڑھنے اور پڑھانے کے بہت فضائل ہیں۔ اجمالی طور پر اتنا سمجھ لینا کافی ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔ اس پر اسلام اور احکام اسلام کا مدار ہے اسکی تلاوت کرنا اس میں تدبر آدمی کو خدا تک پہنچاتا ہے۔ اس موقعہ پر اس کے متعلق چند حدیثیں ذکر کی جاتی ہیں

حدیث ۱ صحیح بخاری میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ، سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں بہتر وہ شخص ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے۔ حدیث ۲ صحیح مسلم میں عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم میں سے کوئی شخص اس کو پسند کرتا ہے کہ بطحان یا عقیق (مدینہ کے قریب دو مقام ہیں) میں صبح کو جائے اور وہاں سے دو اونٹنیاں کوہان والی لائے اس طرح کہ گناہ اور قطع رحم نہ ہو (یعنی جائز طور پر) ہم نے عرض کی کہ یہ بات ہم سب کو پسند ہے۔ فرمایا پھر کیوں نہیں صبح کو مسجد میں جا کر کتاب اللہ کی دو آیتوں کو سکھتا؟ کہ یہ دو اونٹنیوں سے بہتر ہیں اور تین تین سے بہتر اور چار چار سے بہتر علی ہذا القیاس

حدیث ۳ صحیح بخاری ومسلم میں ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو مومن قرآن پڑھتا ہے اس کی مثال ترنج کی سی ہے کہ خوشبو بھی اچھی ہے اور مزہ بھی اچھا ہے اور جو مومن قرآن نہیں پڑھتا وہ کھجور کی مثل ہے کہ اس میں خوشبو نہیں لیکن مزہ شیریں ہے اور جو منافق قرآن نہیں پڑھتا وہ اندرائن کی مثل ہے کہ اس میں خوشبو بھی نہیں اور مزہ بھی کڑوا ہے۔ اور جو منافق قرآن پڑھتا ہے وہ پھول کی مثل ہے کہ اس میں خوشبو ہے مگر مزہ کڑوا۔ حدیث ۴ صحیح مسلم میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب سے بہت لوگوں کو بلند کرتا ہے اور بہتوں کو پست کرتا ہے یعنی جو اس پر ایمان لاتے اور عمل کرتے ہیں ان کے لئے بلندی ہے اور دوسروں کے لئے پستی۔ حدیث ۵ صحیح بخاری ومسلم میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو قرآن پڑھنے میں ماہر ہے وہ کراماً کاتبین کے ساتھ ہے اور جو شخص رک رک کر قرآن پڑھتا ہے اور وہ اس پر شاق ہے یعنی اس کی زبان آسانی سے نہیں چلتی تکلیف کے ساتھ ادا کرتا ہے اس کے لئے دو اجر ہیں۔ حدیث ۶ شرح سنہ میں حضرت عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین چیزیں قیامت کے دن عرش کے نیچے ہونگی ایک قرآن کہ یہ بندوں کے لئے جھگڑا کرے گا اس کے لئے ظاہر باطن ہے اور امانت اور رشتہ پکارے گا کہ جس نے مجھے ملایا اسے اللہ تعالیٰ ملائے گا اور جس نے مجھے کاٹا اللہ تعالیٰ اُسے کاٹے گا۔

حدیث ۷ امام احمد۔ ابوداؤد ترمذی ونسائی نے عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صاحب قرآن سے کہا جائے گا کہ پڑھ اور چڑھ اور ترتیل کے ساتھ پڑھ جس طرح دنیا میں ترتیل کے ساتھ پڑھتا تھا۔ تیری منزل آخر آیت جو تو پڑھے گا وہ ہے حدیث ۸ ترمذی اور دارمی نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کے جوف (سینہ) میں کچھ قرآن نہیں ہے وہ ویرانہ مکان کی مثل ہے۔ حدیث ۹ ترمذی و دارمی نے ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جس کو قرآن نے میرے ذکر اور مجھ سے سوال کرنے سے مشغول رکھا ہے میں اس سے بہتر دوں گا جو مانگنے والوں کو دیتا ہوں اور کلام اللہ کی فضیلت دوسرے کلاموں پر ویسی ہے جیسی اللہ تعالیٰ کی فضیلت اس کی مخلوق پر ہے۔ حدیث ۱۰ ترمذی و دارمی نے عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص کتاب اللہ کا ایک حرف پڑھے گا اس کو ایک نیکی ملے گی جو دس نیکیوں کے برابر ہوگی میں یہ نہیں کہتا کہ الم ایک حرف ہے بلکہ الف ایک حرف ہے، لام دوسرا حرف ہے اور میم تیسرا حرف ہے حدیث ۱۱ ابوداؤد نے معاذ جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے قرآن پڑھا اور جو کچھ اس میں ہے اس پر عمل کیا۔ اس کے والدین کو قیامت کے دن تاج پہنایا جائے گا۔ جس کی روشنی سورج سے اچھی ہے۔ اگر وہ تمہارے گھروں میں ہوتا تو خود اس عمل کرنے والے کے متعلق تمہارا کیا خیال ہے۔

حدیث ۱۲ امام احمد، ترمذی، ابن ماجہ دارمی نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے قرآن پڑھا اور اس کو یاد کر لیا، اس کے حلال کو حلال سمجھا

اور حرام کو حرام جانا اس کے گھر والوں میں سے دس شخصوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ اس کی شفاعت قبول فرمائے گا جن پر جہنم واجب ہو چکا تھا۔ **حدیث ۱۳** ترمذی، نسائی و ابن ماجہ نے ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قرآن سیکھو اور پڑھو کہ جس نے قرآن سیکھا اور پڑھا اور اس کے ساتھ قیام کیا اس کی مثال یہ ہے کہ جیسے مُشک سے تھیلی بھری ہوئی ہے جس کی خوشبو ہر جگہ پھیلی ہوئی ہے اور جس نے سیکھا اور سو گیا یعنی قیام اللیل نہیں کیا، اس کی مثال وہ تھیلی ہے جس میں مُشک بھری ہوئی ہے اور اس کا منہ باندھ دیا گیا ہے۔ **حدیث ۱۴** بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دلوں میں بھی زنگ لگ جاتی ہے جس طرح لوہے میں پانی لگنے سے زنگ لگ جاتی ہے عرض کی یا رسول اللہ اس کی جلا کس چیز سے ہوگی۔ فرمایا کثرت سے موت کو یاد کرنے اور تلاوت قرآن سے **حدیث ۱۵** صحیح بخاری و مسلم میں جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قرآن کو اس وقت تک پڑھو جب تک تمہارے دل کو اُلفت اور لگاؤ ہو اور جب دل اُچاٹ ہو جائے تو کھڑے ہو جاؤ یعنی تلاوت بند کر دو **حدیث ۱۶** صحیح بخاری و مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کو جتنی توجہ اس نبی کی طرف ہے جو خوش آوازی سے قرآن پڑھتا ہے کسی کی طرف توجہ نہیں دیتا (یعنی قرآن کو خوش الحانی کے ساتھ پڑھنا چاہیئے)۔ **حدیث ۱۷** صحیح بخاری میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص قرآن کو تغنّی یعنی خوش آوازی سے نہ پڑھے وہ ہم میں سے نہیں۔ اس حدیث کے متعلق یہ بھی کہا جاتا ہے کہ تغنّی سے مراد استغنا ہے یعنی قرآن پڑھنے کے عوض میں کسی سے کچھ نہ لینا چاہیئے **حدیث ۱۸** امام احمد، ابوداؤد، ابن ماجہ و دارمی نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قرآن کو اپنی آوازوں سے مزیّن کرو اور دارمی کی روایت میں ہے کہ اپنی آوازوں سے قرآن کو خوبصورت کرو۔ کیونکہ اچھی آواز قرآن کا حسن بڑھا دیتی ہے **حدیث ۱۹** بیہقی نے عبیدہ ملیکی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے قرآن والو! قرآن کو تکیہ نہ بناؤ یعنی سُستی اور تغافل نہ برتو اور رات اور دن میں اس کی تلاوت کرو جیسا تلاوت کا حق ہے اور اس کو پھیلاؤ اور تغنی کرو یعنی اچھی آواز میں پڑھو۔ اس کا معاوضہ نہ لو اور جو کچھ اس میں ہے اس پر غور کرو تاکہ تم کو فلاح ملے۔ اس کے ثواب میں جلدی نہ کرو کیونکہ اس کا ثواب بہت بڑا ہے (جو آخرت میں ملنے والا ہے)۔ **حدیث ۲۰** ابوداؤد و بیہقی نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت کی کہتے ہیں کہ ہم قرآن پڑھ رہے تھے اور ہمارے ساتھ اعرابی اور عجمی بھی تھے، اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا کہ قرآن پڑھو تم سب اچھے ہو بعد میں قومیں آئیں گی جو قرآن کو اس طرح سیدھا کریں گی جیسا تیر سیدھا ہوتا ہے اس کا بدلہ جلدی لینا چاہیں گے دیر میں لینا نہیں چاہیں گے یعنی دنیا میں بدلہ لینا چاہیں گے۔ **حدیث ۲۱** بیہقی نے حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قرآن کو عرب کے لحن اور آواز سے پڑھو۔ اہلِ عشق اور یہود و نصاریٰ کی لحن سے بچو یعنی قواعد موسیقی کے مطابق گانے سے بچو اور میرے بعد ایک قوم آئے گی جو قرآن کو ترجیع کے ساتھ پڑھے گی جیسے گانے اور نوحہ میں ترجیع ہوتی ہے قرآن ان کے گلوں سے تجاوز نہیں کرے گا۔ ان کے دِل فتنہ میں مبتلا ہیں اور ان کے بھی جن کو ان کی یہ بات پسند ہے۔ **حدیث ۲۲** ابو سعید بن معلی رضی اللہ عنہ، سے صحیح بخاری میں مروی ہے کہتے ہیں میں نماز پڑھ رہا تھا اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے بلایا۔ میں نے جواب نہیں دیا (جب نماز سے فارغ ہوا)، تو حضور کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی یا رسول اللہ! میں نماز پڑھ رہا تھا۔ ارشاد فرمایا کیا اللہ تعالیٰ نے نہیں فرمایا ہے اِسْتَجِیْبُوْا لِلّٰہِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاکُمْ اللہ اور اس کے رسول کے پاس حاضر ہو جاؤ جب وہ تمہیں بلائیں۔ پھر فرمایا مسجد سے باہر جانے سے پہلے قرآن میں جو سب سے بڑی سورت ہے وہ بتاؤں گا اور حضور نے میرا ہاتھ پکڑ لیا۔ جب نکلنے کا ارادہ ہوا تو میں نے عرض کیا کہ حضور نے یہ فرمایا تھا کہ مسجد سے باہر جانے سے پہلے قرآن کی سب سے بڑی سورت کی تعلیم کروں گا۔ فرمایا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وہی سبع مثانی اور قرآنِ عظیم ہے جو مجھے ملا ہے **حدیث ۲۳** ترمذی نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابی ابن کعب سے فرمایا کہ نماز میں تم کس طرح پڑھتے ہو۔ انہوں نے ام القرآن یعنی سورۂ فاتحہ کو پڑھا۔

حضور نے فرمایا قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری
جان ہے نہ اس کی مثل توریت میں کوئی سورت اُتاری گئی
نہ انجیل نہ زبور اور نہ قرآن میں وہ سبع مثانی اور قرآن عظیم ہے
جو مجھے ملا ہے **حدیث ۲۴** سورۂ فاتحہ ہر بیماری کی شفا ہے (دارمی
و بیہقی)، **حدیث ۲۵** صحیح مسلم میں ابن عباس رضی اللہ عنہما
سے مروی ہے کہتے ہیں کہ جبرئیل علیہ السلام حضور کی خدمت
میں حاضر تھے اوپر سے ایک آواز آئی انہوں نے سر اُٹھایا اور یہ کہا
کہ آسمان کا یہ دروازہ آج ہی کھولا گیا ہے۔ اس سے پہلے کبھی نہیں
کھلا ایک فرشتہ اترا جبرئیل علیہ السلام نے کہا یہ فرشتہ آج سے
پہلے کبھی زمین پر نہیں آیا تھا اس نے سلام کیا اور یہ کہا کہ
حضور کو بشارت ہو کہ دو نور حضور کو دیئے گئے اور حضور سے
پہلے کبھی کسی نبی کو نہیں ملے وہ دونوں یہ ہیں سورۂ فاتحہ
اور سورۂ بقرہ کا خاتمہ جو حرف آپ پڑھیں گے وہ آپ کو دیا
جائے گا **حدیث ۲۶** صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی
اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا
اپنے گھروں کو مقابر نہ بناؤ۔ شیطان اس گھر سے بھاگتا ہے
جس گھر میں سورۂ بقرہ پڑھی جاتی ہے۔

حدیث ۲۷ صحیح مسلم میں ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو میں نے یہ
فرماتے سنا کہ قرآن پڑھو کیوں کہ وہ قیامت کے دن اپنے
اصحاب کے لئے شفیع ہو کر آئے گا۔ دو چمک دار سورتیں
بقرہ و آل عمران کو پڑھو یہ دونوں قیامت کے دن
اس طرح آئیں گی گویا دو ابر ہیں یا دو سائبان ہیں یا صف
بستہ پرندوں کی دو جماعتیں اور وہ دونوں اپنے اصحاب
کی طرف سے جھگڑا کریں گی اسکی شفاعت کریں گی۔ سورہ بقرۃ کو
پڑھو کہ اسکا پڑھ لینا برکت ہے اور اس کا چھوڑنا حسرت ہے۔ اور اہل
باطل اس کی استطاعت نہیں رکھتے **حدیث ۲۸** صحیح مسلم میں ابی
بن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
نے فرمایا، اے ابوالمنذر (یہ ابی بن کعب کی کنیت ہے)، تمہارے پاس
قرآن کی سب سے بڑی آیت کون سی ہے؟ میں نے کہا اللہ و رسول
اعلم ہیں۔ حضور نے فرمایا اے ابوالمنذر تمہیں معلوم ہے کہ قرآن کی
کون سی آیت تمہارے پاس سب میں بڑی ہے۔ میں نے عرض
کی کہ اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ یعنی آیت الکرسی حضور نے
میرے سینے پر ہاتھ مارا اور فرمایا، ابوالمنذر تم کو علم مبارک ہو **حدیث ۲۹**

صحیح بخاری میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، کہتے
ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زکوٰۃ رمضان یعنی صدقۂ
فطر کی حفاظت میرے سپرد فرمائی۔ ایک آنے والا آیا اور غلہ بھرنے لگا میں
نے اُسے پکڑ لیا اور کہا کہ تجھے حضور کی خدمت میں پیش کرونگا کہنے لگا میں
محتاج عیال دار ہوں، حاجت مند ہوں میں نے اُسے چھوڑ دیا جب
صبح ہوئی تو حضور نے فرمایا کہ تمہارا رات کا قیدی کیا ہوا میں نے
عرض کی یا رسول اللہ اس نے شدید حاجت اور عیال کی
شکایت کی مجھے رحم آگیا اور چھوڑ دیا ارشاد فرمایا اس نے تم سے
جھوٹ بولا اور وہ پھر آئے گا میں نے سمجھ لیا کہ وہ ضرور آئے گا۔
کیونکہ حضور نے فرمادیا ہے اس کے انتظار میں تھا وہ آیا اور
غلہ بھرنے لگا میں نے اسے پکڑ لیا اور یہ کہا کہ تجھے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کروں گا۔ اس نے کہا مجھے چھوڑ
دو میں محتاج ہوں اور عیال دار ہوں اب نہیں آؤں گا مجھے رحم
آگیا اور اسے چھوڑ دیا صبح ہوئی تو حضور نے فرمایا اے ابوہریرہ
تمہارا قیدی کیا ہوا میں نے عرض کی اس نے حاجت شدیدہ
اور عیال داری کی شکایت کی مجھے رحم آگیا اور چھوڑ دیا حضور نے
فرمایا وہ تم سے جھوٹ بول گیا اور پھر آئے گا میں اس کے
انتظار میں تھا وہ آیا اور غلہ بھرنے لگا میں نے پکڑ لیا اور کہا
تجھے حضور کے سامنے پیش کروں گا تین مرتبہ ہو چکا تو کہتا
ہے نہیں آؤں گا پھر آتا ہے۔ اس نے کہا مجھے چھوڑ دو
میں تم کو ایسے کلمات سکھاتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ تمہیں ان سے
نفع دے گا۔ جب تم بچھونے پر جاؤ تو (آیۃ الکرسی) اَللّٰهُ
لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ آخر آیت تک پڑھ لو صبح تک اللہ
کی طرف سے تم پر نگہبان ہوگا اور شیطان تمہارے قریب
نہیں آئے گا۔ میں نے اسے چھوڑ دیا۔ جب صبح ہوئی تو حضور نے
فرمایا۔ تمہارا قیدی کیا ہوا میں نے عرض کی اس نے کہا چند
کلمات تمہیں سکھاتا ہوں اور اللہ تعالیٰ تمہیں ان سے نفع دیگا۔
حضور نے فرمایا۔ یہ بات اس نے سچ کہی۔ وہ بڑا جھوٹا ہے
اور تمہیں معلوم ہے کہ تین راتوں سے تمہارا مخاطب کون ہے
میں نے عرض کی نہیں۔ حضور نے فرمایا کہ وہ شیطان ہے۔
حدیث ۳۰ صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں ابومسعود رضی اللہ
تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
کہ سورۂ بقرہ کی آخری دو آیت جو شخص رات کے وقت پڑھ لے اسکے لئے
وہ کافی ہیں **حدیث ۳۱** اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین کے پیدا کرنے

سے دو ہزار برس پہلے ایک کتاب لکھی اس میں ۲ دو آیتیں جو سورۂ بقرہ کے ختم ہونے پر ہیں نازل فرمائیں جس گھر میں تین راتوں تک پڑھی جائیں شیطان اس کے قریب نہیں آئیگا۔ (ترمذی ودارمی) حدیث ۳۲ سورۂ بقرہ کی آخری ۲ دو آیتیں اللہ تعالیٰ کے اس خزانے میں سے ہیں جو عرش کے نیچے ہے اللہ تعالیٰ نے مجھے یہ ۲ دو آیتیں دیں انہیں سیکھو اور اپنی عورتوں کو سکھاؤ کہ وہ رحمت ہیں اور اللہ سے نزدیک اور دُعا ہیں (دارمی) حدیث ۳۳ صحیح مسلم میں ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سورۂ کہف کی پہلی دس آیتیں جو شخص یاد کرے وہ دجال سے محفوظ رہے گا حدیث ۳۴ جو شخص سورۂ کہف جمعہ کے دن پڑھے گا اس کیلئے دو جمعہ کے مابین نور (روشنی) ہوگا (بیہقی) حدیث ۳۵ ہر چیز کیلئے دل ہے اور قرآن کا دل یٰسین ہے جس نے یٰسین پڑھی دس ۱۰ مرتبہ قرآن پڑھنا اللہ تعالیٰ اس کیلئے لکھے گا۔ (ترمذی و دارمی) حدیث ۳۶ اللہ تعالیٰ نے زمین آسمان پیدا کرنے سے ہزار برس پہلے طٰہٰ و یٰسین پڑھا جب فرشتوں نے سنا یہ کہا مبارک ہو اس امت کیلئے جسپر یہ اتارا جائے اور مبارک ہوں ان جوفوں (پیٹوں) کے لئے جو اسکے حامل ہوں اور مبارک ہو ان زبانوں کیلئے جو اسے پڑھیں (دارمی) حدیث ۳۷ جو شخص اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے یٰسین پڑھیگا اسکے اگلے گناہوں کی مغفرت ہو جائیگی لہٰذا اسکو اپنے مُردوں کے پاس پڑھو حدیث ۳۸ جو شخص حٰمٓ المومن کو الیہ المصیر تک اور آیۃ الکرسی صبح کو پڑھیگا شام تک محفوظ رہیگا اور جو شام کو پڑھے گا صبح تک محفوظ رہیگا (ترمذی ودارمی) حدیث ۳۹ جو شخص حٰمٓ الدخان شب جمعہ میں پڑھے اسکی مغفرت ہو جائیگی (ترمذی)۔

حدیث ۴۰ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب تک الٓمٓ تَنْزِیْل اور تَبَارَكَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْكُ نہ پڑھ لیتے سوتے نہ تھے (احمد ترمذی دارمی) حدیث ۴۱ خالد بن معدان نے کہا نجات دینے والی کو پڑھو وہ الٓمٓ تَنْزِیْل ہے مجھے خبر پہنچی ہے کہ ایک شخص اسکو پڑھتا تھا اور اسکے سوا کچھ نہیں پڑھتا تھا اور وہ بہت گنہگار تھا اس سورت نے اپنا بازو اسپر بچھا دیا اور کہا اے رب اسکی مغفرت فرما دے کہ یہ مجھ کو کثرت سے پڑھتا تھا۔ رب تعالیٰ نے اسکی شفاعت قبول فرمائی اور فرشتوں سے کہا اس کی ہر خطا میں ایک نیکی لکھو اور ایک درجہ بلند کرو اور خالد نے یہ بھی کہا کہ اپنے پڑھنے والے کی طرف سے قبر میں جھگڑا کریگی اور کہے گی الٰہی اگر میں تیری کتاب میں سے ہوں تو میری شفاعت قبول فرما اگر تیری کتاب میں سے نہیں ہوں تو اسمیں سے مجھے ہٹا دے اور وہ پرند کیطرح اپنے بازو اسپر بچھا دے گی اور شفاعت کریگی اور عذاب قبر سے بچائیگی اور خالد تبارک کے متعلق ایسا ہی کہا ہے اور جبتک ان دونوں کو پڑھ نہ لیتے خالد سوتے نہ تھے اور طاؤس نے کہا ہے کہ یہ دونوں سورتیں قرآن کی ہر ایک سورت پر ساٹھ حسنہ کے ساتھ فضیلت رکھتی ہیں (دارمی) حدیث ۴۲ قرآن میں تیس ۳۰ آیت کی ایک سورت ہے جو آدمی کیلئے شفاعت کریگی یہانتک کہ اسکی مغفرت ہو جائیگی وہ تَبَارَكَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْكُ ہے (احمد ترمذی۔ ابوداؤد، نسائی وابن ماجہ) حدیث ۴۳ بعض صحابہ نے قبر پر خیمہ گاڑ دیا انہیں یہ معلوم نہ تھا کہ یہاں قبر ہے اسمیں کسی شخص نے تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْكُ ختم سورت تک پڑھا جب انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر یہ واقعہ سنایا تو حضور نے فرمایا وہ مانعہ ہے وہ منجیہ ہے عذاب الٰہی سے نجات دیتی ہے (ترمذی) حدیث ۴۴ جو شخص سورۂ واقعہ ہر رات پڑھ لیگا اسکو کبھی فاقہ نہیں پہنچے گا۔ ابن مسعودؓ اپنی صاحبزادیوں کو حکم فرماتے تھے کہ ہر رات میں اسکو پڑھا کریں (بیہقی) حدیث ۴۵ کیا تم اسکی استطاعت نہیں رکھتے کہ ہر روز ایک ہزار آیتیں پڑھا کرو۔ لوگوں نے عرض کی کہ کون اسکی استطاعت رکھتا ہے فرمایا کیا اسکی استطاعت نہیں۔ اَلْھٰكُمُ التَّكَاثُرُ پڑھ لیا کرو (بیہقی) حدیث ۴۶ کیا تم اس سے عاجز ہو کہ رات میں تہائی قرآن پڑھ لیا کرو۔ لوگوں نے عرض کی کہ تہائی قرآن کیونکر کوئی پڑھ لیگا فرمایا کہ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ تہائی قرآن کے برابر ہے (بخاری ومسلم) حدیث ۴۷ اِذَا زُلْزِلَتِ نصف قرآن کے برابر ہے اور قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ تہائی قرآن کے برابر ہے اور قُلْ یٰاَیُّھَا الْكٰفِرُوْنَ چوتھائی کے برابر (ترمذی) حدیث ۴۸ جو ایک دن میں ۲۰۰ دو سو مرتبہ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پڑھے گا اسکے پچاس برس کے گناہ مٹا دیئے جائینگے مگر یہ کہ اسپر دین ہو (ترمذی) حدیث ۴۹ جو شخص سوتے وقت داہنی کروٹ لیٹ کر بچھونے پر سو مرتبہ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پڑھے قیامت کے دن رب تبارک و تعالیٰ اس سے فرمائیگا اے میرے بندے اپنی داہنی جانب جنت میں چلا جا (ترمذی) حدیث ۵۰ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پڑھتے سنا فرمایا کہ جنت واجب ہو گئی (امام مالک ترمذی ونسائی) حدیث ۵۱ کسی نے پوچھا یا رسول اللہ قرآن میں سب سے بڑی سورت کونسی ہے فرمایا قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اس نے عرض کی قرآن میں سب سے بڑی آیت کونسی ہے فرمایا آیۃ الکرسی اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ اس نے کہا یا رسول اللہ کونسی آیت آپکو اور آپکی اُمت کو پہنچنا محبوب ہے۔ فرمایا سورۂ بقرہ کے خاتمہ کی آیت کہ وہ رحمت الٰہی کے خزانہ سے عرش الٰہی کے نیچے سے ہے اللہ تعالیٰ نے وہ آیت اس اُمت کو دی دُنیا و آخرت کی کوئی خیر نہیں مگر یہ اسپر مشتمل ہے (دارمی) حدیث ۵۲ جو شخص اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ تین ۳ مرتبہ پڑھ کر سورۂ حشر کی پچھلی تین ۳ آیتیں پڑھے اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتے مقرر فرمائے گا جو شام تک اسکے لئے دُعا کریں گے اور اگر وہ شخص اس روز مر جائے تو وہ شہید مریگا اور شام کو پڑھ لے تو اسکے لئے بھی یہی ہے (ترمذی) حدیث ۵۳ جو قرآن پڑھے اسکو اللہ سے سوال کرنا چاہیئے عنقریب ایسے لوگ آئینگے جو قرآن پڑھ کر لوگوں سے سوال کرینگے۔ (احمد ترمذی) حدیث ۵۴ جو قرآن پڑھ کر لوگوں سے کھانا مانگے گا قیامت کے دن اسطرح آئے گا کہ اس کے منہ پر گوشت نہ ہوگا نری ہڈیاں ہونگی (بیہقی) حدیث ۵۵ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مصحف لکھنے کی اُجرت سے سوال ہُوا۔ انہوں نے فرمایا اس میں حرج نہیں وہ لوگ نقش بناتے ہیں اور اپنی دستکاری سے کھاتے ہیں یعنی یہ ایک قسم کی دستکاری ہے اسکا معاوضہ لینا جائز ہے۔

قرآن مجید کے آداب

مسئلہ۔ قرآن مجید پر سونے چاندی کا پانی چڑھانا جائز ہے کہ اس سے نظر عوام میں عظمت پیدا ہوتی ہے اس پر اعراب و نقطے لگانا بھی مستحسن ہے کیونکہ اگر ایسا نہ کیا جائے تو اکثر لوگ اسے صحیح نہ پڑھ سکیں۔ اسی طرح آیت سجدہ پر سجدہ لکھنا اور وقف کی علامتیں لکھنا اور رکوع کی علامت لکھنا اور تعشیر یعنی دس دس آیتوں پر نشان لگانا جائز ہے (درمختار ردالمحتار) اس زمانے میں قرآن کے تراجم بھی چھپوانے کا رواج ہے اگر ترجمہ صحیح ہو تو قرآن مجید کے ساتھ طبع کرنے میں حرج نہیں اس لئے کہ اس سے آیت کا ترجمہ جاننے میں سہولت ہوتی ہے مگر تنہا ترجمہ طبع نہ کیا جائے۔

مسئلہ۔ تاریخ کے اوراق قرآن مجید کی جلد یا تفسیر و فقہ کی کتابوں پر بطور غلاف چڑھانا جائز ہے۔ (درمختار)۔

مسئلہ قرآن مجید کی کتابت نہایت خوبصورت خوش خط اور واضح لفظوں میں کی جائے کاغذ بھی بہت اچھا اور روشنائی بھی خوب اچھی ہو کہ دیکھنے والے کو بھلا معلوم ہو (درمختار ردالمحتار) بعض اہل مطابع نہایت معمولی کاغذ پر بہت خراب کتابت و روشنائی سے چھپواتے ہیں یہ ہرگز نہ ہونا چاہیئے۔

مسئلہ قرآن مجید کا حجم چھوٹا کرنا مکروہ ہے (درمختار) مثلاً آج کل اہل مطابع نے تعویذی قرآن مجید چھپوائے ہیں جن کا قلم اتنا باریک ہے کہ پڑھنے میں بھی نہیں آتا بلکہ حمائل بھی نہ چھپوائی جائے کہ اس کا حجم بھی بہت کم ہوتا ہے۔

مسئلہ قرآن مجید پرانا بوسیدہ ہو گیا۔ اس قابل نہ رہا کہ اس میں تلاوت کی جائے اور یہ اندیشہ ہے کہ اس کے اوراق منتشر ہو کر ضائع ہو جائیں گے تو کسی پاک کپڑے میں لپیٹ کر احتیاط کی جگہ دفن کر دیا جائے اور دفن کرنے میں اس کے لئے لحد بنائی جائے تاکہ اس پر مٹی نہ پڑے۔ مصحف شریف بوسیدہ ہو جائے تو اسے جلایا نہ جائے (عالمگیری)

مسئلہ لغت و نحو و صرف کا ایک مرتبہ ہے ان میں ہر ایک کی کتاب کو ایک دوسرے پر رکھ سکتے ہیں اور ان سے اوپر علم کلام کی کتابیں رکھی جائیں۔ ان کے اوپر فقہ۔ احادیث و مواعظ قرآن مجید جس صندوق میں ہو اس پر کپڑا وغیرہ نہ رکھا جائے (عالمگیری)

مسئلہ کسی نے محض خیر و برکت کے لئے اپنے گھر قرآن مجید رکھ چھوڑا ہے اور تلاوت نہیں کرتا تو گناہ نہیں بلکہ اس کی یہ نیت باعث ثواب ہے۔

مسئلہ قرآن مجید پر اگر بقصد توہین پاؤں رکھا تو کافر ہو جائیگا (عالمگیری)

مسئلہ جس گھر میں قرآن مجید رکھا ہو اس میں بیوی سے صحبت کرنا جائز ہے جب کہ قرآن مجید پر پردہ پڑا ہوا ہو۔

مسئلہ قرآن مجید کو نہایت اچھی آواز سے پڑھنا چاہیئے۔ اسی طرح اذان میں خوش گلوئی سے کام لے یعنی اگر آواز اچھی نہ ہو تو اچھی بنانے کی کوشش کرے لحن کے ساتھ پڑھنا کہ حروف میں کمی بیشی ہو جائے جیسے گانے والے کیا کرتے ہیں یہ ناجائز ہے بلکہ پڑھنے میں قواعد تجوید کی مراعات کرے۔ (درمختار ردالمحتار)

مسئلہ قرآن مجید کو معروف و شاذ دونوں قرأتوں میں ایک ساتھ پڑھنا مکروہ ہے تو فقط قرأت شاذہ کے ساتھ پڑھنا بدرجہ اولیٰ مکروہ ہے (درمختار ردالمحتار) بلکہ عوام کے سامنے وہ قرأت پڑھی جائے جو وہاں رائج ہو کیونکہ ایسا نہ ہو کہ وہ اپنی ناواقفی کی وجہ سے انکار کر بیٹھیں۔

مسئلہ مسلمانوں میں یہ دستور ہے کہ قرآن مجید پڑھتے وقت اٹھ کر کہیں جاتے ہیں تو بند کر دیتے ہیں۔ کھلا ہوا چھوڑ کر نہیں جاتے یہ ادب کی بات ہے مگر بعض لوگوں میں مشہور ہے کہ اگر کھلا ہوا چھوڑ دیا جائے تو شیطان پڑھے گا۔ اس کی اصل نہیں ممکن ہے کہ بچوں کو اس ادب کی طرف توجہ دلانے کے لئے ایسا اختراع کیا ہو۔

مسئلہ قرآن مجید کے آداب میں یہ بھی ہے کہ اس طرف پیٹھ نہ کی جائے نہ پاؤں پھیلائے جائیں نہ پاؤں کو اس سے اونچا کریں اور نہ یہ کہ خود اونچی جگہ ہوں اور قرآن نیچے ہو۔

مسئلہ قرآن مجید کو جزدان یا غلاف میں رکھنا ادب ہے صحابہ و تابعین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے زمانے سے اس پر مسلمانوں کا عمل ہے۔

قرأت

یعنی قرآن مجید نماز میں پڑھنے کے احکام

قرأت اس کا نام ہے کہ تمام حروف مخارج سے ادا کئے جائیں کہ ہر حرف غیر سے صحیح طور پر ممتاز ہو جائے اور

آہستہ پڑھنے میں بھی اتنا ہونا ضروری ہے کہ خود سنے اگر حروف کی تصحیح تو کی مگر اس قدر آہستہ کہ خود نہ سنا اور کوئی مانع مثلاً شور وغل یا ثقل سماعت بھی نہیں تو نماز نہ ہوئی (عالمگیری) یوں ہی جس جگہ کچھ پڑھنا یا کہنا مقرر کیا گیا ہے اس سے یہی مقصد ہے کہ کم از کم اتنا ہو کہ خود سن سکے مثلاً طلاق دینے۔ آزاد کرنے۔ جانور ذبح کرنے میں (عالمگیری)

مسئلہ مطلقاً ایک آیت پڑھنا فرض کی دو رکعتوں اور وتر و نوافل کی ہر رکعت میں امام و منفرد پر فرض ہے اور مقتدی کو کسی نماز میں قراءت جائز نہیں نہ فاتحہ نہ آیت نہ آہستہ کی نماز میں نہ جہر کی نماز میں۔ امام کی قراءت مقتدی کے لئے بھی کافی ہے (عامہ کتب)

مسئلہ فرض کی کسی رکعت میں قراءت نہ کی یا فقط ایک میں کی نماز فاسد ہو گئی۔ (عالمگیری)

مسئلہ چھوٹی آیت جس میں دو یا دو سے زائد کلمات ہوں پڑھ لینے سے فرض ادا ہو جائے گا اور اگر ایک ہی حرف کی آیت ہو جیسے ص۔ ن۔ ق۔ کہ بعض قراءتوں میں ان کو آیت مانا ہے تو اس کو پڑھنے سے فرض ادا نہ ہوگا اگرچہ اس کی تکرار کرے (عالمگیری۔ ردالمحتار) وہی ایک کلمہ کی آیت جیسے۔ مُدْهَآمَّتٰنِ۔

اس میں اختلاف ہے اور بچنے میں احتیاط۔

مسئلہ سورتوں کے شروع میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ایک پوری آیت ہے مگر صرف اسی کے پڑھنے سے فرض ادا نہ ہوگا (درمختار)۔

مسئلہ قراءت شاذہ سے فرض ادا نہ ہوگا یوں بجائے قراءت آیت کے ہجے کی نماز نہ ہوگی (درمختار)۔

آخر سورت میں اللہ عزوجل کی ثنا ہو تو افضل یہ ہے کہ قراءت کو تکبیر سے وصل کرے (ملائے) جیسے وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ اَللّٰهُ اَكْبَرُ (ث) کو کسرہ (زیر) پڑھے اور آخر میں کوئی لفظ ایسا ہے جس کا اسم جلالت کے ساتھ ملانا پسند نہ ہو تو فصل بہتر ہے یعنی ختم قراءت پر ٹھہرے، پھر اللہ اکبر کہے، جیسے اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ میں وقف و فصل کرے پھر رکوع کے لئے اللہ اکبر کہے اور اگر دونوں نہ ہوں تو وصل و فصل دونوں یکساں ہیں۔ (ردالمحتار و فتاویٰ رضویہ)

قرآن مجید پڑھنے کا بیان

اللہ عزوجل فرماتا ہے فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ (مزمل) قرآن سے جو میسر آئے پڑھو اور فرماتا ہے وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ○ جب قرآن پڑھا جائے تو اسے سنو اور چپ رہو اس امید پر کہ رحم کئے جاؤ **حدیث ۱-۲** حضرت ابو موسیٰ اشعری و ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مروی ہے کہ جب امام پڑھے تو سب خاموش رہو (مسلم ص ۱۷۲ ج ۱)۔

حدیث ۳-۵ امام بخاری و مسلم نے عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں جس نے سورہ فاتحہ نہ پڑھی اس کی نماز نہیں یعنی نماز کامل نہیں چنانچہ دوسری روایت صحیح مسلم شریف میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے فَهِيَ خِدَاجٌ وہ نماز ناقص ہے، یہ حکم اس کے لئے ہے جو امام ہو یا تنہا پڑھتا ہو اور مقتدی کو خود پڑھنا نہیں بلکہ امام کی قراءت اس کی قراءت ہے۔ اس حدیث کو امام محمد ترمذی و حاکم نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا اور اس کی مثل امام محمد نے اپنی مسند میں روایت کی۔ امام حلبی نے فرمایا کہ یہ حدیث بخاری و مسلم کی شرط پر صحیح ہے **حدیث ۶** حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ امام کے ساتھ کسی نماز میں کچھ قرآن نہ پڑھے (مسلم ص ۲۱۵ ج ۱) **حدیث ۷-۱۰** امام ابو جعفر شرح معانی الآثار میں روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرو۔ زید بن ثابت و جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہم سے سوال ہوا۔ ان سب حضرات نے فرمایا کہ امام کے پیچھے کسی نماز میں قرأت نہ کرو **حدیث ۱۱-۱۲** امام محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مؤطا میں روایت کی کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے امام کے پیچھے قراءت کے بارے میں سوال ہوا فرمایا خاموش رہو کہ نماز میں مشغل ہے اور امام کی قراءت تجھے کافی ہے۔ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میں دوست رکھتا ہوں جو امام کے پیچھے قراءت کرے اس کے منہ میں انگارا ہو۔

حدیث ۱۳ امیر المومنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جو امام کے پیچھے قرات کرتا ہے کاش اس کے منہ میں پتھر ہو حدیث ۱۴ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ فرمایا جس نے امام کے پیچھے قراءت کی اس نے فطرت سے خطا کی۔

احکام فقہیہ

یہ تو پہلے معلوم ہو چکا ہے کہ قرات میں اتنی آواز درکار ہے کہ اگر کوئی مانع مثلاً ثقل سماعت شور و غل نہ ہو تو خود سن سکے اگر اتنی آواز نہ ہو تو نماز نہ ہوگی۔ اسی طرح جن معاملات میں نطق کو دخل ہے سب میں اتنی آواز ضروری ہے مثلاً جانور ذبح کرتے وقت بسم اللہ کہنا طلاق۔ عتاق۔ استثناء آیت سجدہ پڑھنے پر سجدہ تلاوت واجب ہونا۔

مسئلہ فجر مغرب وعشاء کی دو پہلی رکعتوں میں اور جمعہ وعیدین تراویح اور وتر رمضان کی سب رکعتوں میں امام پر جہر واجب ہے اور مغرب کی تیسری اور عشاء کی تیسری چوتھی ظہر وعصر کی تمام رکعتوں میں آہستہ پڑھنا واجب ہے۔ (درمختار وغیرہ)۔

مسئلہ جہر کے یہ معنی ہیں کہ دوسرے لوگ وہ کہ صف اول میں ہیں سن سکیں۔ یہ ادنیٰ درجہ ہے اور اعلےٰ کے لئے کوئی حد مقرر نہیں اور آہستہ یہ کہ خود سن سکے (عامہ کتب)

مسئلہ اس طرح پڑھنا کہ فقط دو ایک آدمی جو اس کے قریب ہیں سن سکیں جہر نہیں۔ بلکہ آہستہ ہے (درمختار)

مسئلہ حاجت سے زیادہ اس قدر بلند آواز سے پڑھنا کہ اپنے یا دوسروں کے لئے باعث تکلیف ہو مکروہ ہے (ردالمحتار)

مسئلہ آہستہ پڑھ رہا تھا کہ دوسرا شخص شامل ہو گیا تو جو باقی ہے اسے جہر سے پڑھے اور جو پڑھ چکا ہے اس کا اعادہ نہیں (ردالمحتار)۔

مسئلہ ایک بڑی آیت جیسے آیت الکرسی یا آیۃ مداینہ اگر ایک رکعت میں اس کا بعض پڑھا اور دوسری میں بعض تو جائز ہے جبکہ ہر رکعت میں جتنا پڑھا بقدر تین آیت کے ہو۔ (عالمگیری)۔

مسئلہ دن کے نوافل میں آہستہ پڑھنا واجب ہے اور رات کے نوافل میں اختیار ہے اگر تنہا پڑھے اور جماعت سے رات کے نوافل پڑھے تو جہر واجب ہے۔

(درمختار)

مسئلہ جہری کی قضا اگر دن میں ہو تو امام پر جہر واجب ہے اور سری کی قضا میں آہستہ پڑھنا واجب ہے اگرچہ رات میں ادا کرے (عالمگیری۔ درمختار)

مسئلہ جہری نمازوں میں منفرد کو اختیار ہے اور افضل جہر ہے جبکہ ادا پڑھے۔ اور جب قضا ہے تو آہستہ پڑھنا واجب ہے۔ (درمختار)

مسئلہ چار رکعت فرض کی پہلی دونوں رکعتوں میں سورت بھول گیا تو پچھلی رکعتوں میں پڑھنا واجب ہے اور اگر ایک میں بھول گیا تو تیسری یا چوتھی میں پڑھے اور مغرب کی پہلی دونوں میں بھول گیا تو تیسری میں پڑھے اور ایک رکعت کی قراءت سورت جاتی رہی اور ان سب صورتوں میں فاتحہ کے ساتھ پڑھے جہری نماز ہو تو فاتحہ و سورت جہراً پڑھے ورنہ آہستہ اور سب صورتوں میں سجدہ سہو کرے اور قصداً چھوڑی تو اعادہ کرے۔ (درمختار ردالمحتار)

مسئلہ سورت بھول گیا رکوع میں یاد آ جائے تو کھڑا ہو جائے اور سورت ملائے پھر رکوع کرے اور آخر میں سجدہ سہو کرے اور دوبارہ رکوع نہ کرے گا تو نماز نہ ہوگی (درمختار)

مسئلہ فرض کی پہلی رکعتوں میں فاتحہ بھول گیا تو پچھلی رکعتوں میں اس کی قضا نہیں اور رکوع سے پیشتر یاد آیا تو فاتحہ پڑھ کر پھر سورت پڑھے یونہی اگر رکوع میں یاد آیا تو قیام کی طرف عود کرے (لوٹے) اور فاتحہ و سورت پڑھے پھر رکوع کرے اگر دوبارہ رکوع نہ کرے گا تو نماز نہ ہوگی (درمختار۔ ردالمحتار)

مسئلہ ایک آیت کا حفظ کرنا ہر مسلمان مکلّف پر فرض عین ہے اور پورے قرآن مجید کا حفظ فرض کفایہ اور سورت فاتحہ اور ایک دوسری چھوٹی سورت واجب عین ہے۔ (درمختار)۔

مسئلہ بقدر ضرورت مسائل فقہ کا جاننا فرض عین ہے اور حاجت سے زیادہ سیکھنا حفظ جمیع القرآن سے افضل ہے (ردالمحتار)

مسئلہ سفر میں اگر امن و قرار ہو تو سنت یہ ہے کہ فجر و ظہر میں سورہ بروج یا اس کی مثل سورتیں پڑھے اور عصر و عشاء میں اس سے چھوٹی اور مغرب میں قصار مفصل کی چھوٹی سورتیں اور جلدی ہو تو ہر نماز میں جو چاہے پڑھے۔ (عالمگیری)

مسئلہ اضطراری حالت مثلاً وقت جاتے رہنے یا دشمن یا چور کا خوف ہو تو بقدر حال پڑھے خواہ سفر میں ہو یا حضر میں یہاں تک کہ اگر واجبات کی مراعات نہیں کر سکتا تو اس کی بھی اجازت ہے مثلاً فجر کا وقت اتنا تنگ ہے کہ صرف ایک ایک آیت پڑھ سکتا ہے تو یہی کرے (درالمحتار ردالمحتار)

مگر بعد بلندی آفتاب اس نماز کا اعادہ کرے۔

مسئلہ سنت فجر میں نماز جانے کا خوف ہو تو صرف واجبات پر اقتصار کرے۔ ثناو تعوذ کو ترک کرے اور رکوع و سجود میں ایک ایک بار تسبیح پر اکتفا کرے۔ (ردالمحتار)۔

مسئلہ حضر میں جب کہ وقت تنگ نہ ہو تو سنت یہ ہے کہ فجر و ظہر میں طوال مفصل پڑھے اور عصر و عشاء میں اوساط مفصل اور مغرب میں قصار مفصل اور ان سب صورتوں میں امام و منفرد (تنہا) دونوں کا ایک ہی حکم ہے۔ (درمختار وغیرہ)

فائدہ حجرات سے آخر تک قرآن مجید کی سورتوں کو مفصل کہتے ہیں اس کے یہ تین حصے ہیں سورۂ حجرات سے بروج تک طوال مفصل اور بروج سے لم یکن تک اوساط مفصل اور لم یکن سے آخر تک قصار مفصل۔

مسئلہ عصر کی نماز وقت مکروہ میں ادا کرے جب بھی صواب یہ ہے کہ قراءت مسنونہ کو پورا کرے جبکہ وقت میں تنگی نہ ہو (عالمگیری)

مسئلہ وتر میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پہلی رکعت میں سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى دوسری میں قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ تیسری میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ پڑھی ہے لہذا تبرکاً کبھی انہیں بھی پڑھے (عالمگیری)، اور کبھی پہلی رکعت میں سورت اعلیٰ کی جگہ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ

مسئلہ قراءت مسنونہ پر زیادتی نہ کرے جب کہ مقتدیوں پر گراں اور شاق نہ ہو تو زیادت قلیلہ تھوڑی میں حرج نہیں (عالمگیری ردالمحتار)، فرضوں میں ٹھہر ٹھہر کر قراءت کرے اور تراویح میں متوسط انداز پر اور رات کے نوافل میں جلد پڑھنے کی اجازت ہے مگر ایسا پڑھے کہ سمجھ میں آسکے یعنی کم سے کم درجہ مد کا جو قاریوں نے کہا ہے اس کو ادا کرے ورنہ حرام ہے اس لئے کہ ترتیل سے قرآن پڑھنے کا حکم ہے (درمختار) آج کل اکثر حفاظ اس طرح پڑھتے ہیں کہ مد کا ادا ہونا تو بڑی بات ہے یعلمون۔ تعلمون کے سوا کسی لفظ کا پتہ نہیں چلتا۔ نہ تصحیح حروف ہوتی ہے بلکہ جلدی میں لفظ کے لفظ ہی کھا جاتے ہیں اور اس پر تفاخر ہوتا ہے کہ فلاں اس قدر جلد قرآن پڑھتا ہے حالانکہ اس طرح قرآن مجید پڑھنا حرام اور سخت حرام ہے۔

مسئلہ ساتوں قرأتیں جائز ہیں۔ مگر اولیٰ یہ ہے کہ عوام جس سے ناآشنا ہوں وہ نہ پڑھے کہ جس سے ان کے دین کا تحفظ ہے

جیسے ہمارے ہاں قراءت امام عاصم بروایت حفص رائج ہے لہذا یہی پڑھے (درمختار ردالمحتار)

مسئلہ فجر کی پہلی رکعت کو دوسری کے بہ نسبت دراز کرنا مسنون ہے اور اس کی مقدار یہ رکھی گئی ہے کہ پہلی میں دو تہائی اور دوسری میں ایک تہائی (عالمگیری)۔

مسئلہ اگر فجر کی پہلی رکعت میں طول فاحش کیا (بہت زیادہ) مثلاً پہلی میں چالیس آیتیں دوسری میں تین تو بھی مضائقہ نہیں مگر بہتر نہیں (ردالمحتار)

مسئلہ بہتر یہ ہے کہ اور نمازوں میں بھی پہلی رکعت کی قراءت دوسری سے قدرے زیادہ ہو یہی حکم جمعہ و عیدین کا بھی ہے (عالمگیری)

مسئلہ سُنّتیں و نوافل میں دونوں رکعتوں میں برابر کی سورتیں پڑھے (غنیہ)۔

مسئلہ دوسری رکعت کی قراءت پہلی سے طویل کرنا مکروہ ہے جب کہ بین فرق معلوم ہوتا ہو اور اس کی مقدار یہ ہے کہ اگر دونوں سورتوں کی آیتیں برابر ہوں تو تین آیت کی زیادتی سے کراہت ہے اور چھوٹی بڑی ہوں تو آیتوں کی تعداد کا اعتبار نہیں بلکہ حروف و کلمات کا اعتبار ہے اگر کلمات و حروف میں بہت تفاوت (کمی بیشی) ہو تو کراہت ہے اگرچہ آیتیں گنتی میں برابر ہوں۔ مثلاً پہلی میں الم نشرح پڑھی دوسری میں لم یکن تو کراہت ہے اگرچہ دونوں میں آٹھ آٹھ آیتیں ہیں۔ (درمختار ردالمحتار)۔

مسئلہ جمعہ و عیدین کی پہلی رکعت میں سبح اسم دوسری میں ھل اتٰک پڑھنا سنت ہے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے یہ اس قاعدہ سے مستثنیٰ ہے (درمختار ردالمحتار)

مسئلہ سورتوں کا متعین کرلینا کہ اس نماز میں ہمیشہ وہی سورت پڑھا کرے مکروہ ہے مگر جو سورتیں احادیث میں وارد ہیں ان کو کبھی کبھی پڑھ لینا مستحب ہے مگر مداومت نہ کرے کہ کوئی واجب نہ گمان کرے (درمختار ردالمحتار) بعض سورتیں یہ ہیں ق والقرآن المجید۔ سورۂ جمعہ۔ سورہ منافقون سورۂ لم یکن۔

مسئلہ فرض نماز میں آیت ترغیب (جس میں ثواب کا بیان ہے) ترہیب (جس میں عذاب کا ذکر ہے) پڑھے تو مقتدی و امام اس کے ملنے اور اس کے بچنے کی دعا نہ کریں۔ نوافل باجماعت کا بھی یہی حکم ہے ہاں نفل تنہا پڑھتا ہو تو دعا کر سکتا ہے۔

(درمختار۔ ردالمحتار)

مسئلہ دونوں رکعتوں میں ایک ہی سورت کی تکرار مکروہ تنزیہی ہے جب کہ کوئی مجبوری نہ ہو اور مجبوری ہو تو بالکل کراہت نہیں مثلاً پہلی رکعت میں پوری قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھی تو اب دوسری میں بھی یہی پڑھے یا دوسری میں بلاقصد وہی پہلی سورت شروع کردی یا دوسری سورت یاد نہیں آتی تو وہی پہلی پڑھے (درالمحتار)

مسئلہ نوافل کی دونوں رکعتوں میں ایک ہی سورت کو مکرر پڑھنا یا ایک رکعت میں اسی سورت کو بار بار پڑھنا بلاکراہت جائز ہے (غنیہ) ایک رکعت میں پورا قرآن مجید ختم کرلیا تو دوسری میں فاتحہ کے بعد الٓمٓ سے شروع کرے (عالمگیری)

مسئلہ فرائض کی پہلی رکعت میں چند آیتیں پڑھیں اور دوسری میں دوسری جگہ سے چند آیتیں پڑھیں اگرچہ اسی سورت کی ہوں تو اگر درمیان میں دو یا دو سے زیادہ آیتیں رہ گئیں تو حرج نہیں مگر بلاضرورت ایسا نہ کرے اور اگر ایک ہی رکعت میں چند آیتیں پڑھیں پھر کچھ چھوڑ کر دوسری جگہ سے پڑھا تو مکروہ ہے اور بھول کر ایسا ہوا تو لوٹے اور چھوڑی ہوئی آیتیں پڑھے (ردالمحتار)

مسئلہ پہلی رکعت میں کسی سورت کا آخر پڑھنا اور دوسری میں کوئی چھوٹی مثلاً پہلی میں اَفَحَسِبْتُمْ اور دوسری میں قُلْ ھُوَاللّٰہُ تو حرج نہیں (عالمگیری)

مسئلہ فرض کی ایک رکعت میں دو سورت نہ پڑھے۔ اور منفرد پڑھ لے تو حرج بھی نہیں بشرطیکہ ان دونوں سورتوں میں فاصلہ نہ ہو۔ اور اگر بیچ میں ایک یا چند سورتیں چھوڑ دیں تو مکروہ ہے (ردالمحتار)۔

مسئلہ پہلی رکعت میں کوئی سورت پڑھی اور دوسری میں ایک چھوٹی سورت درمیان سے چھوڑ کر پڑھی تو مکروہ ہے اور اگر وہ درمیان کی سورت بڑی ہے کہ اس کو پڑھے تو دوسری کی قراءت اس سے طویل ہو جائے گی تو کوئی حرج نہیں جیسے والتین کے بعد انا انزلنا پڑھنے میں کوئی حرج نہیں اور اذا جاء کے بعد قل ھو اللہ پڑھنا نہ چاہیئے (او درمختار ردالمحتار)۔

مسئلہ قرآن مجید الٹا پڑھنا کہ دوسری رکعت میں پہلی والی سے اوپر کی سورت پڑھے یہ مکروہ تحریمی ہے مثلاً پہلی میں قُلْ یا یھا الکٰفرون پڑھی اور دوسری میں اَلَمْ تَرَ کَیْفَ (درمختار) اس کے لئے سخت وعید آئی ہے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص قرآن کو الٹ کر پڑھتا ہے کیا خوف نہیں کرتا کہ اللہ تعالیٰ اس کا دل الٹ دے اور بھول کر ہو تو نہ گناہ نہ سجدہ سہو۔

مسئلہ بچوں کی آسانی کے لئے پارہ عَمّ خلاف ترتیب پڑھنا جائز ہے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ بہ نسبت ایک بڑی آیت کے تین چھوٹی آیتوں کا پڑھنا افضل ہے اور جزو سورت اور پوری سورت میں افضل وہ ہے جس میں زیادہ آیتیں ہوں (درمختار)

مسئلہ رکوع کے لئے تکبیر کہی مگر ابھی رکوع میں نہ گیا تھا کہ گھٹنوں تک ہاتھ پہنچنے کے قابل نہ جھکا تھا کہ اور زیادہ پڑھنے کا ارادہ ہوا تو پڑھ سکتا ہے کچھ حرج نہیں (عالمگیری)۔

مسائل قراءت بیرونِ نماز

مسئلہ قرآن مجید دیکھ کر پڑھنا زبانی پڑھنے سے افضل ہے کہ یہ پڑھنا بھی ہے اور دیکھنا بھی اور ہاتھ سے اسکا چھونا بھی یہ سب عبادت ہے۔

مسئلہ مستحب یہ ہے کہ باوضو قبلہ رو اچھے کپڑے پہن کر تلاوت کرے اور شروع تلاوت میں اعوذ پڑھنا واجب ہے اور ابتدائے سورت میں بسم اللہ سنت ورنہ مستحب اور اگر جو آیت پڑھنا چاہتا ہے اس کی ابتدا میں

مسئلہ ضمیر مولیٰ تعالیٰ کی طرف راجع ہے جیسے ھُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ تو اس سورت میں اعوذ کے ساتھ بسم اللہ پڑھنے کا استحباب مؤکد ہے درمیان میں کوئی دنیوی کام کرے تو اعوذ باللہ، بسم اللہ کر کے پھر پڑھے اور دینی کام کیا مثلاً سلام یا اذان کا جواب دیا سبحان اللہ اور کلمہ طیبہ وغیرہ اذکار پڑھے تو اَعُوْذُ بِاللّٰہِ پھر پڑھنا اس کا ذمہ نہیں (غنیہ وغیرہ)

مسئلہ سورہ براءت سے اگر تلاوت شروع کی تو اعوذ باللہ بسم اللہ کہہ لے اور جو اس کے پہلے سے تلاوت شروع کی اور سورت براءت آگئی تو تسمیہ پڑھنے کی حاجت نہیں (غنیہ) اور اس کی ابتداء میں نیا تعوذ جو آج کل کے حافظوں نے نکالا ہے بے اصل ہے اور یہ جو مشہور ہے کہ سورہ توبہ ابتداً بھی پڑھے جب بھی بسم اللہ نہ پڑھے یہ محض غلط ہے۔

مسئلہ گرمیوں میں صبح قرآن مجید ختم کرنا بہتر ہے اور جاڑوں میں اوّل شب کو کہ حدیث میں ہے جس نے شروع دن میں قرآن ختم کیا شام تک فرشتے اسکے لیے استغفار کرتے ہیں اور جس نے ابتدا شب میں ختم کیا صبح تک استغفار کرتے ہیں اس حدیث کو دارمی نے سعد بن وقاص رضی اللہ عنہ

سے روایت کیا تو گرمیوں میں چونکہ دن بڑا ہوتا ہے تو صبح
کے ختم ہونے میں استغفار ملائکہ زیادہ ہوگی اور جاڑوں
کی راتیں بڑی ہوتی ہیں، تو شروع رات میں ختم کرنے سے
استغفار زیادہ ہوگی۔ (غنیہ)

مسئلہ تین دن سے کم میں قرآن مجید کا ختم کرنا خلاف اولیٰ ہے
کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے تین
رات سے کم میں قرآن پڑھا اس نے سمجھا نہیں۔ اس
حدیث کو ابوداؤد و ترمذی نے عبد اللہ بن عمرو بن العاص
رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کیا۔

مسئلہ جب ختم ہو تو تین بار قل ھو اللہ احد پڑھنا بہتر ہے اگرچہ
تراویح میں ہو البتہ اگر فرض نماز میں ختم کرے تو ایک بار
سے زیادہ نہ پڑھے (غنیہ وغیرہ)۔

مسئلہ لیٹ کر قرآن مجید پڑھنے میں حرج نہیں جب کہ پاؤں سمٹے
ہوئے ہوں اور منہ کھلا ہو یونہی چلنے اور کام کرنے کی حالت
میں بھی تلاوت جائز ہے جبکہ دل نہ ہٹے ورنہ مکروہ ہے (غنیہ)

مسئلہ غسل خانہ اور مواضع نجاست میں قرآن مجید پڑھنا ناجائز
ہے (غنیہ)۔

مسئلہ جب بلند آواز سے قرآن مجید پڑھا جائے تو تمام حاضرین
پر سننا فرض ہے جب کہ وہ مجمع بغرض سننے کے حاضر
ہو ورنہ ایک کا سننا کافی ہے اگرچہ اور اپنے کام میں ہوں
(غنیہ۔ فتاویٰ رضویہ)۔

مسئلہ مجمع میں سب لوگ بلند آواز سے پڑھیں یہ حرام ہے اکثر
تیجوں میں سب بلند آواز سے پڑھتے ہیں یہ حرام ہے اگر چند
شخص پڑھنے والے ہوں تو حکم ہے کہ آہستہ پڑھیں
(در مختار وغیرہ)۔

مسئلہ بازاروں میں اور جہاں لوگ کام میں مشغول ہوں بلند آواز
سے پڑھنا ناجائز ہے لوگ اگر نہ سنیں گے تو گناہ پڑھنے
والے پر ہوگا اگر کام میں مشغول ہونے سے پہلے اس نے
پڑھنا شروع کر دیا ہو اور اگر وہ جگہ کام کرنے کے لئے مقرر
نہ ہو تو اگر پہلے پڑھنا اس نے شروع کیا اور لوگ نہیں سنتے
تو لوگوں پر گناہ ہے اور اگر کام شروع کرنے کے بعد اس
نے پڑھنا شروع کیا تو اس پر گناہ (غنیہ)۔

مسئلہ جہاں کوئی شخص علم دین پڑھا رہا ہے یا طالب علم علم دین
کی تکرار کرتے ہوں یا مطالعہ دیکھتے ہوں وہاں بھی بلند آواز
سے پڑھنا منع ہے (غنیہ)۔

مسئلہ قرآن مجید سننا تلاوت کرنے و نفل پڑھنے سے افضل ہے (غنیہ)

مسئلہ تلاوت کرنے میں کوئی شخص معظم دینی بادشاہ اسلام یا عالم
دین یا پیر یا استاد یا باپ آجائے تو تلاوت کرنے والا اس
کی تعظیم کو کھڑا ہو سکتا ہے (غنیہ)۔

مسئلہ عورت کو عورت سے قرآن مجید پڑھنا غیر محرم نابینا سے
پڑھنے سے بہتر ہے اگرچہ وہ اسے دیکھتا نہیں مگر آواز تو سنتا
ہے اور عورت کی آواز بھی عورت ہے یعنی غیر محرم کو بلا ضرورت
سنانے کی اجازت نہیں (غنیہ)۔

مسئلہ قرآن مجید پڑھ کر بھلا دینا گناہ ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم فرماتے ہیں میری اُمت کے ثواب مجھ پر پیش کئے
گئے یہاں تک کہ تنکا جو مسجد سے آدمی نکال دیتا ہے اور
میری امت کے گناہ مجھ پر پیش کئے گئے تو اس سے بڑھ
کر کوئی گناہ نہیں دیکھا کہ آدمی کو سورت یا آیت دی گئی
اور اس نے بھلا دیا۔ اس حدیث کو ابوداؤد اور ترمذی نے
روایت کیا اور دوسری روایت میں ہے کہ قرآن پڑھ کر بھول جائے قیامت کے
دن کوڑھی ہو کر آئے گا۔ اس حدیث کو ابوداؤد دارمی و نسائی
نے روایت کیا اور قرآن مجید میں ہے کہ اندھا ہو کر اٹھے گا۔

مسئلہ جو شخص غلط پڑھتا ہو تو سننے والے پر واجب ہے کہ بتا دے
بشرطیکہ بتانے سے کینہ و حسد پیدا نہ ہو (غنیہ) اسی طرح اگر
کسی کا مصحف شریف اپنے پاس عاریت مانگا ہے اگر اس
میں کتابت کی غلطی دیکھے تو بتا دینا واجب ہے۔

مسئلہ قرآن مجید نہایت باریک قلم سے لکھ کر چھوٹا کر دینا جیسے آج
کل تعویذی قرآن مجید چھپے ہیں مکروہ ہے کہ اس میں تحقیر کی
صورت ہے (غنیہ) بلکہ حمائل بھی نہ چاہیئے۔

مسئلہ قرآن مجید بلند آواز سے پڑھنا افضل ہے جب کہ کسی نمازی یا
مریض یا سوتے کو ایذا نہ پہنچے (غنیہ)

مسئلہ دیواروں اور محرابوں پر قرآن مجید لکھنا اچھا نہیں اور قرآن مجید
کو مطلا کرنے میں حرج نہیں (غنیہ) بلکہ بہ نیت تعظیم مستحب ہے۔

قراءت میں غلطی ہو جانے کا بیان

اس باب میں قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ اگر ایسی غلطی ہوئی جس
سے معنے بگڑ گئے تو نماز فاسد ہو گئی ورنہ نہیں۔

مسئلہ اعرابی غلطیاں اگر ایسی ہوں جن سے معنے بگڑتے ہوں تو

مفسد نہیں مثلاً لَا تَرفَعُوآ اَصوَاتَکُم نَعبُدُ اور
اگر اتنا تغیر ہو کہ اس کا اعتقاد اور قصداً پڑھنا کفر ہو تو احوط یہ
ہے کہ اعادہ کرے مثلاً عَصٰی اٰدَمُ رَبَّہٗ میں میم کو زبر اور
ب کو پیش پڑھ دیا اور اِنَّمَا یَخشَی اللّٰہَ مِن
عِبَادِہِ العُلَمٰٓؤُا میں اسم جلالت کو رفع اور العلماء
کو زبر پڑھنا اور فَسَآءَ مَطَرُ المُنذَرِینَ میں ذال
کو زیر پڑھا اِیَّاکَ نَعبُدُ کاف کو زیر پڑھا اَلمُصَوِّرُ
کے واؤ کو زبر پڑھا۔ ردالمحتار۔ عالمگیری)۔

مسئلہ تشدید کو تخفیف پڑھا جیسے اِیَّاکَ نَعبُدُ وَاِیَّاکَ نَستَعِینُ میں تشدید نہ
پڑھی اَلحَمدُ لِلّٰہِ رَبِّ العٰلَمِینَ میں ب پر تشدید نہ پڑھی قُتِّلُوا
تَقتِیلًا میں ت پر تشدید نہ پڑھی تو نماز ہو گئی۔(عالمگیری ردالمحتار)

مسئلہ مخفف کو مشدد پڑھا جیسے وَمَن اَظلَمُ مِمَّن کَذَبَ
عَلَی اللّٰہِ میں ذال کو تشدید کے ساتھ پڑھا۔ ادغام
ترک کیا جیسے اِھدِنَا الصِّرَاطَ میں لام ظاہر کیا نماز
ہو جائے گی (عالمگیری۔ ردالمحتار)۔

مسئلہ حرف زیادہ کرنے سے اگر لفظ نہ بگڑیں تو نماز فاسد نہ ہوگی
جیسے وَانْھٰی عَنِ المُنکَرِ میں ر کے بعدی زیادہ کی
ھُمُ الَّذِینَ میں میم کو جزم کر کے الف ظاہر کیا اور
اگر معنے فاسد ہو جائیں جیسے زرابی کو زرابیب
مثانی کو مثانین پڑھا تو نماز فاسد ہو جائے گی (عالمگیری)

مسئلہ کسی حرف کو دوسرے کلمہ کے ساتھ وصل کر دینے سے
نماز فاسد نہیں ہوتی جیسے ایاك نعبد یونہی کلمہ
کے بعد حرف کو قطع کرنا بھی مفسد نہیں ایسے ہی وقف
و ابتداء کا بے موقع ہونا بھی مفسد نہیں اگرچہ وقف لازم
ہو مثلاً اِنَّ الَّذِینَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ پر
وقف کیا پھر پڑھا اولئك ھم خیر البریۃ یا
اَصحٰبُ النَّارِ پر وقف نہ کیا اور الذین
یحملون العرش پڑھ دیا اور شھد اللہ انہ لا
الہ پر وقف کر کے الا ھو پڑھا ان سب صورتوں
میں نماز ہو جائے گی مگر ایسا کرنا قبیح ہے (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ کوئی کلمہ زیادہ کر دیا تو وہ کلمہ قرآن میں ہے یا نہیں۔ اور
بہر صورت معنی کا فساد ہوتا ہے یا نہیں۔ اگر معنی فاسد ہو جائیں
تو نماز جاتی رہے گی۔
جیسے اِنَّ الَّذِینَ اٰمَنُوا وَکَفَرُوا بِاللّٰہِ وَرُسُلِہٖ
اُولٰٓئِكَ ھُمُ الصّٰدِقُونَ اور اِنَّمَا نُملِی لَھُم
لِیَزدَادُوا کُفرًا وَّجَمَالًا اور اگر معنی متغیر نہ ہوں تو فاسد
نہ ہوگی اگرچہ قرآن میں اس کا مثل نہیں جیسے اِنَّ اللّٰہَ
کَانَ بِعِبَادِہٖ خَبِیرًا بَصِیرًا اور فِیھِمَا فَاکِھَۃٌ وَّ
نَخلٌ وَّتُفَّاحٌ وَّرُمَّانٌ۔ (عالمگیری وغیرہ)۔

مسئلہ کسی کلمہ کو چھوڑ گیا اور معنی فاسد نہ ہوئے جیسے جَزٰٓؤُا
سَیِّئَۃٍ سَیِّئَۃٌ مِّثلُھَا میں دوسرے سیئۃ
کو نہ پڑھا تو نماز فاسد نہ ہوگی اور اگر اس کی وجہ سے معنی
فاسد ہوں جیسے فَمَا لَھُم لَا یُؤمِنُونَ میں لا نہ پڑھا تو
نماز فاسد ہوگئی۔ (ردالمحتار)۔

مسئلہ کوئی حرف کم کر دیا اور معنی فاسد ہوں خلقنا بلا خ
کے اور جعلنا بغیر جیم کے نماز فاسد ہو جائے گی اور اگر
معنی فاسد نہ ہوں مثلاً بروجہ ترخیم شرائط کے ساتھ حذف
کیا جیسے یا مالِكُ میں یا مال پڑھا تو نماز فاسد نہ ہوگی
یونہی تَعٰلٰی جَدُّ رَبِّنَا میں تعال پڑھا تو ہو جائے گی
(عالمگیری۔ ردالمحتار)۔

مسئلہ ایک لفظ کے بدلے میں دوسرا لفظ پڑھا اگر معنی فاسد نہ
ہوں تو نماز ہو جائے گی جیسے علیم کی جگہ حکیم اور اگر معنی فاسد
ہوں تو نماز نہ ہوگی، جیسے وَعدًا عَلَینَا اِنَّا کُنَّا فٰعِلِینَ
میں فعلین کی جگہ غافلین اگر نسب میں غلطی کی اور منسوب الیہ
قرآن میں نہیں ہے تو نماز فاسد ہوگئی، جیسے مَریَمَ ابنَتَ
غَیلَانَ پڑھا اور قرآن میں ہے تو نماز فاسد نہ ہوئی
جیسے مَریَمَ ابنَتَ لُقمٰنَ (عالمگیری) حروف کی تقدیم و
تاخیر میں بھی اگر معنی فاسد ہوں تو نماز فاسد ہے ورنہ نہیں جیسے
قَسوَرَۃٍ کو قَوسَرَۃٍ پڑھا عَصفٍ کو عَفصٍ پڑھا
تو نماز فاسد ہوگئی اور اِنفَطَرَت کو اِنفَرَجَت پڑھا تو
نہیں یعنی حکم کلمہ کی تقدیم تاخیر کا ہے جیسے لَھُم فِیھَا
زَفِیرٌ وَّشَھِیقٌ میں شھیق کو زفیر پر مقدم
کیا فاسد نہ ہوئی اور ان الابرار لفی جحیم وان
الفجار لفی نعیم پڑھا فاسد ہوگئی (عالمگیری)

مسئلہ ایک آیت کو اگر دوسری جگہ پڑھا اور پورا وقف کر چکا ہے تو
نماز فاسد نہ ہوئی وَالعَصرِ اِنَّ الاِنسَانَ پر وقف کر کے
اِنَّ الاَبرَارَ لَفِی نَعِیمٍ پڑھا یا اِنَّ الَّذِینَ اٰمَنُوا وَ
عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ پر وقف کیا پھر پڑھا اُولٰٓئِكَ ھُم

شَرُّ الْبَرِيَّةِ نماز ہوگئی۔ اگر وقف نہ کیا تو معنی متغیر ہونے کی صورت میں نماز فاسد ہوجائے گی جیسے یہی مثال ورنہ نہیں جیسے اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ کی جگہ فَلَهُمْ جَزَآءَنِ الْحُسْنٰى پڑھا نماز ہوگئی (عالمگیری)۔

مسئلہ کسی کلمہ کو مکرر پڑھا تو معنی فاسد ہونے میں نماز فاسد ہوگئی جیسے رَبِّ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ مَلِكِ مَلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ جب کہ بقصد اضافت ہو یعنی رب کا رب مالک کا مالک اور اگر بقصد تصحیح مخارج مکرر کیا یا بغیر قصد زبان سے مکرر ہوگیا یا کچھ بھی قصد نہ کیا تو ان سب صورتوں میں نماز فاسد نہ ہوگی (ردالمحتار)

مسئلہ ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف پڑھنا اگر اس وجہ سے ہے کہ وہ حرف اس کی زبان سے ادا نہیں ہوتا تو مجبور ہے اس پر کوشش کرنا ضروری ہے۔ اگر لاپرواہی سے ہے جیسے آج کل اکثر حفاظ و علماء کہ ادا کرنے پر قادر ہیں مگر بے خیالی میں تبدیلی حروف کر دیتے ہیں تو اگر معنی فاسد ہوں تو نماز نہ ہوگی۔ اس قسم کی جتنی نمازیں پڑھی ہوں ان کی قضا لازم ہے۔

مسئلہ ط ت۔ س۔ ث۔ ص۔ ذ۔ ز۔ ظ۔ ا۔ ع۔ ء۔ ہ۔ ح۔ ص۔ ظ ان حرفوں میں صحیح طور پر امتیاز رکھیں ورنہ معنی فاسد ہونے کی صورت میں نماز نہ ہوگی اور بعض تو س۔ ش۔ ز۔ ج۔ ق۔ ک میں بھی فرق نہیں کرتے۔

مسئلہ مدغنہ۔ اظہار۔ اخفا۔ امالہ۔ بے موقع پڑھا جہاں پڑھنا ہے نہ پڑھا تو نماز ہوجائے گی۔ (عالمگیری وغیرہ)۔

مسئلہ لحن کے ساتھ قرآن پڑھنا حرام ہے اور سننا بھی حرام ہے مگر مدولین میں لحن ہوا تو نماز فاسد نہ ہوگی (عالمگیری) اگر فاحش نہ ہو کہ تان کی حد تک پہنچ جائے۔

مسئلہ اللہ عزوجل کیلئے مؤنث صیغے یا ضمیر ذکر کرنے سے نماز جاتی رہتی ہے۔

مسئلہ اُلٹا قرآن مجید پڑھنا قیام کے علاوہ اور کسی موقعہ پر قرآن پڑھنا یا رکوع میں قراءت کرنا مکروہ ہے (عالمگیری۔ غنیہ)۔

مسئلہ منہ میں کوئی چیز لئے ہوئے نماز پڑھنا یا پڑھانا مکروہ ہے (درمختار ردالمحتار) جب کہ قراءت سے مانع نہ ہو اور اگر مانع قراءت ہو مثلاً آواز ہی نہ نکلے یا اس قسم کے الفاظ نکلیں کہ قرآن کے نہ ہوں تو نماز فاسد ہوجائے گی۔

مسئلہ ایک ہی سورت کو بار بار پڑھنا بھی مکروہ ہے (عالمگیری غنیہ)۔

مسئلہ آیت رحمت پر سوال کرنا اور آیت عذاب پر پناہ مانگنا منفرد نفل پڑھنے والے کے لئے جائز ہے۔ امام و مقتدی کو مکروہ (عالمگیری) اور اگر مقتدیوں پر ثقل کا باعث ہو تو امام کو مکروہ تحریمی۔

مسئلہ کوئی شخص کھڑا یا بیٹھا باتیں کر رہا ہو اس کے پیچھے نماز پڑھنے میں کراہت نہیں جب کہ باتوں سے دل بہلنے کا خوف ہو مصحف شریف تلوار کے پیچھے اور سونے والے کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ نہیں (درمختار ردالمحتار)

مسئلہ وتر میں قرآن پڑھنے کی حدیثیں۔

مسئلہ صحیح مسلم شریف میں ہے کہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما

حدیث کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے یہاں سویا تھا حضور بیدار ہوئے مسواک کی اور وضو کیا اور اسی حالت میں آیت اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ختم سورت تک پڑھی پھر کھڑے ہو کر دو رکعتیں پڑھیں جن میں قیام و رکوع و سجود کو طویل کیا پھر پڑھ کر آرام فرمایا یہاں تک کہ سانس کی آواز آئی یونہی تین بار میں چھ رکعتیں پڑھیں۔ ہر بار مسواک اور وضو کرتے اور ان آیتوں کی تلاوت فرماتے پھر وتر کی تین رکعتیں پڑھیں

حدیث امام احمد نے ابی ابن کعب سے اور دارمی ابن عباس سے اور ابوداؤد ترمذی ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ سے اور نسائی عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وتر کی پہلی رکعت میں سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى اور دوسری میں قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اور تیسری میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھتے۔

حدیث ابویعلیٰ باسناد حسن عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ تہائی قرآن کے برابر ہے اور قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ چوتھائی قرآن کے برابر اور ان دونوں کو فجر کی سنتوں میں پڑھتے اور یہ فرماتے تھے کہ ان میں زمانے کی رغبتیں ہیں۔

قرآن مجید ودیعت رکھنے کا بیان

مسئلہ مصحف شریف کو ودیعت یا رہن رکھا تھا۔ مودع یا مرتہن اس میں دیکھ کر تلاوت کر رہا تھا اس حالت میں ضائع ہوگیا تو تاوان واجب نہیں۔ (درمختار)۔

مسئلہ کتاب ودیعت ہے اس میں غلطی نظر آئی اگر معلوم ہو کہ درست کرنے سے مالک کو ناگواری ہوگی تو درست نہ کرے (عالمگیری)

قرآن مجید سے تعویذ کرنا اور اس پر اجرت لینا

حدیث صحیح بخاری شریف ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہتے ہیں صحابہ کے کچھ لوگ سفر میں تھے ان کا گذر

قبائل عرب میں سے ایک قبیلہ پر ہوا انہوں نے ضیافت کا
مطالبہ کیا لیکن انہوں نے ان کی مہمانی سے انکار کر دیا۔ اسی
قبیلہ کے سردار کو سانپ یا بچھو نے کاٹ لیا انہوں نے ہر
قسم کی کوشش کی مگر کوئی کارگر نہ ہوئی۔ پھر انہی میں سے کسی
نے کہا کہ یہ جماعت جو آئی ہے (صحابہ) ان کے پاس چلو
شاید ان میں سے کسی کے پاس اس کا کچھ علاج ہو۔ وہ لوگ
صحابہ کے پاس حاضر ہو کر کہنے لگے کہ ہمارے سردار کو سانپ
یا بچھو نے کاٹ لیا ہے اور ہم نے ہر قسم کی کوشش کی مگر
کوئی نفع نہ ہوا کیا تمہارے پاس اس کا کچھ علاج ہے۔ ایک
صاحب بولے ہاں میں جھاڑتا ہوں مگر ہم نے تم سے مہمانی
طلب کی تم نے ہماری مہمانی نہیں کی۔ تو اب میں اس وقت
جھاڑوں گا کہ تم اس کی اجرت دو۔ اجرت میں بکریوں کا ریوڑ
دینا طے پایا (ایک روایت ہے کہ تیس بکریاں دینا طے ہوا)
انہوں نے الحمد للہ رب العلمین یعنی سورۂ فاتحہ پڑھ
کر دم کرنا شروع کیا وہ شخص بالکل اچھا ہو گیا اور وہاں سے
ایسا ہو گیا کہ اس پر زہر کا کچھ اثر نہ تھا۔ اجرت جو مقرر ہوئی
انہوں نے پوری دی۔ ان میں سے بعض صحابہ نے کہا کہ ان
کو آپس میں تقسیم کر لیا جائے مگر جنہوں نے جھاڑا تھا انہوں
نے کہا ایسا نہ کرو بلکہ جب ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی
خدمت میں حاضر ہو لیں گے اور حضور اکرم سے تمام واقعات
عرض کر لیں گے پھر حضور اس کے متعلق جو حکم دیں گے وہ
کیا جائے گا۔ یعنی انہوں نے خیال کیا کہ قرآن پڑھ کر دم کیا
ہے کہیں ایسا نہ ہو کہ اس کی اجرت حرام ہو۔ جب یہ لوگ
رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے
اور اس واقعہ کا ذکر کیا تو فرمایا کہ تمہیں اس کا رقیہ (جھاڑ) ہونا
کیسے معلوم ہوا اور یہ فرمایا کہ تم نے ٹھیک کیا آپس میں اسے
